پاکستان دی تحریک دے راہ دیاں رکاوٹاں اک اک کرکے مکدیاں جارہیاں سن تے مسلمان آس وندسن کہ اک دن پاکستان ضرور وجود وچ آجائے گا۔ اوہناں نوں اپنیاں بانہواں تے مان سی کہ دُشمناں کولوں جے پاکستان کھوہ کے وی لیناں پیا تے لے کے رہواں گے۔

پنجاب دے واسی ایس تحریک وچ ساریاں نالوں اگے سن۔ عشق لہرؔ پاکستان بنن دا ایس طرح دعویٰ کردے نیں جیویں کوئی نجومی آون والے واقعے دی پیش گوئی کردا اے:

پاکستان بن کے رہے گا یادرکھو کڈھے ہوئے حساب حسابیاں نے

چھیتی قافلہ منزل تے پہنچنا اے چک لئے ہجن قدم پنجابیاں نے

وجے جندرے دلاں تے کھول دے گی میں لیگ دے ہتھ وچابیاں نے

عشق لہرؔ تد لوک حیران ہوسن چمے قدم جدوں کامیابیاں نے

چراغ دین نوں وی پکا یقین سی کہ قائداعظمؒ دی قیادت وچ مسلمان پاکستان ضرور بنالین گے۔ ایسے لئی آکھدے نیں:

بھانویں جیویئے بھانویں مریئے بھانویں دُکھ مصیبت جریئے

اپنا حصہ وکھرا کریئے سانوں کون ہٹاوے گا

کوئی دن پا کے قائداعظمؒ پاکستان بنائے گا

سارے کوشش کرو بھراوٗ اپنا مُلک آزاد کراوٗ

ایتھوں کھٹو ایتھوں کھاوٗ اپنا مُلک آزاد کراوٗ

کوئی دن پا کے قائداعظمؒ پاکستان بنائے گا

امام دین مجاہدؔ ہوریں مسلم لیگ دے کارکن سن، اوہ مسلم لیگ دے تنظیمی کماں کاراں دے نال نال اپنیاں نظماں راہیں مسلماناں نوں حوصلہ وی دواندے سن تاں جے مسلمان پکے پیریں اپنی منزل ول ٹردے رہن۔ اوہ آکھدے نیں:

مُسلم لیگ جماعت پیاری کیتے قول نبھاوے گی

انشاءاللہ قوم دی بیڑی پار وبنے لاوے گی

ایہہ گل میری سُنو بھراوٗ مُسلم لیگ دا ساتھ نبھاوٗ

شرم سار کیتا

راجپال لعین نوں قتل کر کے علم دینؒ نے نہیں انکار کیتا

جا کے وچ عدالت دے وانگ مرداں، ۔۔۔۔۔۔۔۔

دُشمن پاک رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دا مار کے تے نبی پاکؐ دا

میں دیدار کیتا

ایہہ دُنیا کیہ عقبیٰ سوار لئی اے پیدا دونیں جہانیں وقار کیتا

صدقے پاک رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم توں جان کیتی جھوٹھے دم دا

نہیں اعتبار کیتا

دُنیا والیو جھٹلاؤ مینوں میں ایس لعین تے وار کیتا

اللہ اوس نوں کرے پیار اخترؔ جنہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دے نال پیار کیتا

اُستاد عشقؔ لہر ہوراں وی اک چومصرے دا نذرانہ غازی علم دین شہیدؒ دی خدمت وچ انج پیش کیتا:

ہو یا چودھویں دے چن وچ روشن تیرا عشق اوئے عاشق حضور

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیا

جھونٹا دار دی پینگھ دا جھوٹیا ای شوق نال ساتھی منصور دیا

سبھ دیاں اکھیاں وچ سما گیا ایں علم دینؒ اوئے ذریا طور دیا

عشق لہرؔ دی عرض دربارا اندر پہلوں کریں مسافرا دُور دیا

پاکستان دی تحریک وچ مسجد شہید گنج والا واقعہ وہ چوکھی اہمیت رکھدا اے۔ واقعہ انج اے کہ دلی دروازے دے باہر شاہ کاکوؒ دے مزارے نال اک مسجد سی جنہوں سکھاں اپنے گوردوارے دے حاطے وچ رلا لیا سی۔ مسلماناں اوہدی واپسی دا مطالبہ کیتا پر انگریزاں دی حکومت نے سکھا دا پاس ماردیاں ہویاں مسلماناں دا ایہہ مطالبہ نا منظور کر دتا۔ مسلماناں دی مذہبی غیرت جوش وچ آ گئی۔ اوہناں انگریزاں دے ایس فیصلے دے خلاف جلوس کڈھے۔ مسلماناں دے اک جلوس تے انگریزاں گولی چلا کے چوکھے مسلمان شہید کر دتے۔ ایس واقعے توں بعد انگریزاں دی سکھ ہندو دوستی تے مسلمان دُشمنی کھل کے سامنے آ گئی۔ ایس حوالے نال وی چوکھا پنجابی ادب رچیا۔ اُستاد کرمؔ نے مسلماناں دے قومی تے مذہبی جذبے نوں انج اُبھاریا:

ویکھیا ای مُسلم کم کفاردا     گھر ڈھا چھڈیا اے رب غفاردا

توں ای محمود ایں توں ای ایاز اے     بندہ نواز ایں بڑا جان باز

ایں

محرم راز ایں خنجر دراز ایں     تینوں کیہ خوف کسے مرداردا

مسلماناں دے عظیم لیڈر قائداعظم محمد علی جناحؒ پہلوں پہل ہندو مسلم اتحاد دے حامی بن کے ہندوستان اتحاد دے حامی بن کے ہندوستان آزاد کران دیاں کوششاں وچ رجھے رہے۔ پر چھیتی اوہناں ہندوواں دی نیت نوں تاڑ لیا۔ اوہ کانگریس نوں چھڈ کے مسلم لیگ وچ آ گئے تے وکھرا ملک حاصل کرن دیاں کوششاں کرن ڈیہہ پئے۔ قائداعظمؒ دے مسلم لیگ وچ آون نال مسلم لیگ دی طاقت دون سوائی ہو گئی۔ مسلمانا شاعراں دی چھیویں حس نے ایہہ محسوس کر لیا سی کہ مسلمان ایس عظیم قائدؒ دی قیادت وچ پاکستان ضرور حاصل کر لین گے۔ اُستاد عشق لہرؔ نے قائداعظمؒ نال اپنے پیار دا اظہار انج کیتا اے:

میاں اسی غلام ساں مدتاں دے نہ کوئی آیا آزاد کران والا

لیڈر جو ملیا سانوں اج توڑی ساری قوم نوں ویچ کے کھان والا

کئی وار وکیا ٹولا کوڈیا تو جیہڑا موتیاں نال تولان والا

جا گے بھاگ غریباں دے چڑاں پچھوں پاکستان آ گیا دوان

جھوک میرے انور والی

وگدی اے راوی وچ رڑھدیاں جوکاں وے

مکہ گوایا ہتھیں ہندیاں لوکاں وے

جھوک میرے انور والی

وگ وگ وے کھوہا تیری اُچی شاروے

ہندیاں فوجاں میرا شوکت سالا روے

جھوک میرے انور والی

ٹریاں توں جاناایں تیرے موڈھے بندوق وے

جیلاں وچ رسیں جے توں منگے حقوق وے

جھوک میرے انور والی

پاکستان دی تحریک وچ 1929ء دا اوہ واقعہ سنہرے حرفاں نال لکھیا جانا چاہیدا اے جنہے پورے ہندوستان وچ تھرتھلی پادتی سی۔ ایہہ واقعہ لاہور وچ پیش آیا۔ اک ترکھان دے پتر علم دینؒ نے ساڈھے آقا تے مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دی شان وچ گستاخی کرن والے لعنتی کردار راجپال نوں ہستی دے صفحے توں مٹا کے پہلوں غازی دا لقب لیا تے فیر پھانسی دے پھٹے اُتے چڑھ کے ہسدیاں ہسدیاں شہادت دا پیالہ منہ نال لایا۔

دھن بھاگ اوس ماں دے جنہے علم دینؒ ورگا غیرتاں تے انکھاں والا پتر جمیا۔ لکھ لکھ ودھائیاں اوس ترکھان نوں جنہے ساری عمر دی کمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دے ناں توں صدقے واری کر دتی۔

ایس حوالے نال وی چوکھا پنجابی ادب ہوند وچ آیا تے مسلمان شاعراں ودھ چڑھ کے غازی علم دین شہیدؒ نوں شاباشاں دتیاں پر محمد رفیع اختر لاہوری تے اُستاد چراغ دین عشق لہر ہوراں جیہڑے عقیدت دے پھل پیش کیتے اوہ غازی علم دین شہیدؒ دے ناں وانگوں سدا سجرے تے مہکدے رہن گے۔ محمد رفیع اختر لاہوری ہوراں دے ایس حوالے نال لکھے گئے کلام وچوں ایہہ ونگی ویکھو:

جنو یندی جان او پیاریا علم دینا جیون جوگیا موت نوں ماریا ای

جگاں تیک رہسی تیرا نام زندہ، زندہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم توں تن من واریا اے

سک گئے دریا محبتاں دے بیڑا ریت تے سجناں تاریا ای

الا اللہ کہہ کے چڑھیوں وارا تے سروں عشق دا بھار اُتاریا ای

تیرے جنہے غازی ورے ماں جن سی اپنا جنم تے کرم سواریا ای

لاش رہی بے داغ ایمان وانگوں ڈاہڈا اجھوٹھ تے سچ نتاریا ای

جنت مانی او پت ترکھان دیا کندا کفرا پرادھ دا اوڈھیا ای

اشکے بیلیا اوئے تیرے حوصلے توں زندہ پھیر منصور کر چھڈیا ای

دُنیا موت کولوں اینویں بھجدی اے موت عاشقاں دے پڑوے کجدی اے

اوس موت نال زندگی سجدی اے جیہڑی موت ہوئے کسے چجدی اے

اوس دور دے مسلماناں بتھیرا اچارالایا کہ کسے طرحاں غازی علم دین شہیدؒ نوں ایس مقدمے وچوں بری کرا لیا جائے پر غازی علم دینؒ تاں شہادت دا سواد چکھن لئی اپنے کو بے چین سن کہ اوہناں عدالت وچ لعین راجپال نوں قتل کرن دا اقرار گج وج کے کیتا۔ محمد رفیع اختر لاہوری ہوراں غازی علم دین شہیدؒ دے اہناں جذبیاں نوں لفظاں دا جامہ انج پوایا۔

دُشمن پیدا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دا ہو گیا اے میرا دل ڈاہڈا

مسلماناں نوں ہندوواں نالوں وکھری قوم ہون دا احساس انج دواندے نیں:

ساڈا رہنا سہنا وکھرا　　ساڈا اُٹھنا بہنا وکھرا

وکھری آن تے انکھ اے وکھری

وکھرا دین ایمان

لے کے رہواں گے پاکستان

ویہویں صدی دے شروع تیوں لے کے ادھ تیکر کجھ اجیہے واقعے پیش آئے جنہاں اک وکھرا ملک حاصل کرن لئی مسلماناں دے احساس نوں ہور پکیریاں کیتا۔ پاکستان دی تحریک دے نال نال ہور وی کئی طرحاں دیاں تحریکاں دیاں رہیاں تے انہاں تحریکاں دے حوالے نال بہت سارا پنجابی ادب ہوند وچ آیا۔غور کیتیاں پتہ لگدا اے کہ اے چھوٹیاں موٹیاں تحریکاں اصل وچ پاکستان دی تحریک دے میل پتھر نیں کیوں جے مسلماناں جدوں وی کوئی تحریک چلائی انگریزاں تے ہندوواں کھل کے اوہدی مخالفت کیتی تے مسلماناں نوں احساس ہوگیا کہ وکھرا ملک لیاں بناں اوہناں دا جیون کوڑا اے۔

12 اپریل 1919ء نوں جلیانوالہ دے باغ وچ جنرل ڈائر نے اک جلسے اتے گولی چلان دا حکم دتا تے جلسے وچ شامل ان گنت بے گناہ لوکاں نوں گولیاں نال بھن دتا گیا۔ ایس واقعے نے مسلمان شاعراں اُتے ڈاہڈا اثر کیتا تے اوہناں اپنیاں نظماں وچ ایس ظُلم دا بڑے دکھ نال اظہار کیتا۔

ونگی دے طور تے حکیم عبدالطیف عارف ہوراں دا ایہہ شعر ویکھو:

جلیانوالے دا باغ سی لال ہویا

انھے واہ جد گولیاں آئیاں نیں

ڈھنڈ بھار چلاؤندے خلق تائیں

ویکھ ظالماں پٹھیاں چائیاں نیں۔

مسلماناں نوں ہر روز کوئی نہ کوئی نواں دُکھ سہنا پیندا سی۔ اگلے زخم انگورے نہیں سن جاندے تے ظالم اتوں سجرے پھٹ لا دیندے سن۔ مسلماناں یونانیاں دے خلاف تے ترکی دی حمایت وچ خلاف دے تحریک چلائی۔ ایہدی وجہ ایہہ سی کہ یونانیاں نے ترکی دے شہر سمرنا تے بخارا دے دے نال لگدے علاقیاں اُتے حملہ کر کے قتل وغارت دا بازار گرم کیتا۔ ہندوستان دے مسلمان اپنے ترکی بھراواں اُتے ہوندے ظُلم نوں برداشت نہ کر سکے تے اس ظُلم نوں ڈکن تے عثمانی خلافت نوں بچان لئی اُٹھ کھلوتے۔ شاعر وی کسے نالوں پچھے نئیں سن۔ اُونہاں ایس تحریک نوں تگڑیاں کرن لئی مسلماناں نوں ہلا شیری دین دے نال نال ترک بھراواں اُتے ہوندے ظُلم نوں وی اپنی نظماں وچ تھاں دتی۔ بہت سارے شاعراں اس حوالے نال نظماں لکھیاں پر ملک لال دین قیصر ہوراں دی نظم دے ایہہ بول اوس دور سے بندے بندے دی زبان تے سن۔

غازی مصطفی پاشا کمال وے تیریاں دور بلائیاں

ڈالیوں ٹٹ پئے کچے گچھے　　وات یتیماں دی کوئی نہ پچھے

روندے سمرنا دے بال وے　بیوہ ہوگئیاں مائیاں

کر بکرے یونانی حلال وے　بیپاوانگ قصائیاں

ملک لال دین قیصر ہوراں دی اک ہور مشہور نظم انج اے:

انور پاشا اللہ رکھیں آباد وے

مصطفی بسرے تے توں موڑ بغداد وے

ایہناں انگریزاں نبھ لیالال گاجی دا کاٹھیا، مامد جلے دا کاٹھیا

ولی دادمردانہ تے موکھا پتر کوڑھی دہنی دال دا

ایہناں انگریزاں نبھ لے مراد تے بہامل فتیانے

جیہڑے راوی دے اتے چکیدے مال چودھار دا

پنڈی شیخ موسیٰ دی وچوں نادر شاہ قریشی ٹوریونیں

پنچھی تکھیڑ یا ہنساں دی ڈار دا

پیریں بیڑیاں ہتھیں کڑیاں،

جھل کے فرض نبھائی جاندے نی رب غفار دا

مسلمان کھٹے ہو کے ایہہ جنگ نہ لڑ سکے ایسے لئی 1857ء دی ایہہ جنگ آزادی کامیاب نہ ہوسکی۔ جنگ آزادی ناکام ہوجان دے بعد ہندوواں انگریزاں دی حکومت نوں تسلیم کرلیا تے انگریزاں نال پوری پوری وفاداری نبھاون لگ پئے۔ پر مسلماناں دے دل وچوں آزادی حاصل کرن دا جذبہ حالی نہیں سی مکیا ایس لئی اونہاں نوں جدوں وی کوئی موقع ملدا اوہ انگیزاں نال ٹکر ضرور لیندے۔ انگریزاں دی جنگ آزادی دی ساری ذمہ داری مسلماناں تے سٹی تے اونہاں نوں اپنا دُشمن مندیاں ہویاں اپنے انتقام دا نشانہ بنایا۔ جیہڑا مسلمان سورما ذرا کو سر چکدا اوہنوں گرفتار کرلیا جاندا۔ کسے نوں پھاہے چاڑھ دتا جاندا تے کسے نوں کالے پانیاں ول ٹور دتا جاندا۔ پر مسلماناں وچوں آزادی حاصل کرن دا جذبہ اُکا نہ مکیا سگوں پیروپیر ودھدا گیا۔ پیراوچ پیپاں بیڑیاں تے کالے پانی اوہناں دا راہ نہ ڈک سکے، مسلماناں دے جذبے دا پتہ اوس دور دے ایس شعر توں لگدا اے۔

ہس ہس کے چڑھے کالی پھانسیاں،

کالے پانیاں ول کائی تیرہوئے

اساں دیس آزاد ضرور کرنا

ٹکڑے انت نوں بھانویں سریرہوئے

انگریز جنہے ظلم کردے سن مسلماناں دا جذبہ اوہناں پکا ہوندا سی۔ مسلماناں دے دلاں وچ انگریزاں دے خلاف نفرت دا لاوا پکدا پکدا ویہویں صدی وچ اپڑ کے مسلم لیگ دی صورت وچ باہر آ گیا۔ مسلماناں دا صرف اکو مقصد سی تے اوسی انگریزاں دی غلامی دے سنگل توڑ دین دا۔ آزادی دی تحریک دن بدن زور پھڑ دی گئی۔ اک پاسے آل انڈیا کانگریس سی جیہڑی ہندوستان دی واحد نمائندہ جماعت ہون دا دعویٰ کردی سی۔ پہلوں پہلوں تاں مسلمان تے ہندورل کے آزادی دی تحریک چلاؤندے رہے پر جدوں مسلماناں نوں پتہ لگا کہ ہندوواں نال مل کے آزادی حاصل کرن دا کوئی فائدہ نہیں کیوں جے انگریزاں کولوں آزاد ہو کے مسلمان ہندوواں دے غلام بن جان گے تے اوہناں وکھراں ملک حاصل کرن لئی مسلم لیگ نوں ہور تنگڑیاں کرنا شروع کردتا۔ ہندو ہندوستان دی ونڈ دے خلاف سن ایس کر کے ہندوواں تے مسلماناں وچکار فساد ہون لگ پئے۔ ہن مسلمان آزادی دی دوہری جنگ پئے لڑدے سن۔ اک پاسے انگریزاں نال تے دوجے پاسے ہندوواں نال۔ آزادی دی اس جنگ وچ مسلمان بچے توں لے کے بڈھے تیک اپنی اپنی ہمت موجب ودھ چڑھ کے حصہ لے رہے سن۔

دوقومی نظریہ مسلماناں دی سمجھ وچ آ گیا سی۔ شاعروی کسے نالوں پچھے نہ رہے۔ حافظ امرتسری اوس دور دے اگھے شاعراں وچ نیں جنہاں پاکستان دی تحریک وچ ودھ چڑھ کے حصہ لیا۔ اوہ

(ادبیات پنجابی)

# تحریکِ پاکستان

اقدس ہاشمی

(لیکچرار اردو، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس، کہوٹہ)

پاکستان دی تاریخ انج تے مسلم لیگ دے وجود وچ آون نال شروع ہوئی تے 1940ء دی قرارداد منظور ہون دے بعد ایس تحریک نے چوکھا زور پڑھ لیا پر غور کیتیاں پتہ لگدا اے کہ آزادی دی ایہہ تحریک اودوں شروع ہوگئی سی جدوں 1849ء وچ انگریزاں نے سکھاں نوں شکست دے کے پنجاب نوں وی قبضے وچ لے لیا سی۔

1857ء دی جنگ آزادی تیکر اپڑ دیاں اپڑ دیاں ایہہ تحریک پورے پنجاب وچ کھلر چکی سی۔ پر کوئی مرکزی تنظیم نہ ہون پاروں ایہہ تحریک کامیاب نہ ہوسکی۔ مسلمان کسی محاذ تے وی اکٹھے ہوکے نہ لڑ سکے، سگوں کئیاں تھانواں تے وقت توں پہلوں لڑائی شروع ہوگئی سی۔ شاعر کیوں جے اپنے ماحول دا عکاس ہونداا ے تے اپنے ماحول دا اثر لیاں بناں نہیں رہ سکدا۔ ایس لئی جدوں وی کوئی تحریک شروع ہوئی ایہدا اثر شاعراں تے وی ہونڑاں قدرتی گل سی۔ 1857ء دی جنگ آزادی نے وی شاعروں نے متاثر کیتا۔ اوس زمانے دے شاعراں اپنے بہادراں تے شہیداں دی یاد وچ بہت کجھ لکھیا پر اوہناں شاعراں دا کلام نہ چھپن پاروں اوہناں لوکاں دے نال ایک مرکھپ گیا۔ ایس دے باوجود کجھ ادب سینہ بہ سینہ چلدا رہیا جیہڑا لوکاں نوں زبانی یاد سی۔

پنجاب دے دوجے علاقیاں دے نال نال ساہیوال دے علاقے گوگیر وچ وی مجاہداں جنگ آزادی وچ اپنیاں جاناں دے نذرانے ودھ چڑھ کے پیش کیتے۔ ایہہ جنگ لڑن والے مجاہداں وچوں کجھ چونویں ناں ایہہ نیں:

(''رائے احمد خاں کھرل، مراد فتیانہ، ولی داد مردانہ، جلا ترہانہ، نادر شاہ قریشی، مامد نتھو، کاٹھیا، سارنگ تے موکھا وہنی وال''۔)

ایس جنگ وچ انگریز اسسٹنٹ کمشنر برکلے وی ماریا گیا۔ ایس جنگ دے حوالے نال ایس علاقے وچ چوکھا پنجابی ادب ہوند وچ آیا۔ ایہہ پنجابی ادب ڈھولیاں دی شکل وچ جہاں نوں برکلی دے ڈھولے وی آکھیا گیا۔ پر دُکھ ایس گل دا اے کہ ایہہ ڈھولے لکھت وچ نہ آون پاروں چوکھاں پنجابی ادب ضائع ہوگیا۔ جیہڑے ڈھولے لوکاں نوں زبانی یاد سن اوہناں وچوں وی بہتے بھل بھلا گئے۔ اے۔ ڈی اعجاز ہوراں بھج نس کر کے کال بلبیندی دے ناں نال کجھ ڈھولے اکٹھے کیتے نیں۔ ونگی دے طور تے ایہہ ڈھولا ویکھو:

کال بلبیندی نادر پیا ونگار دا

اے انگریزاں، بلند بیگ دا ترہانہ، فتح پور گوگیریں پھاہے

چاڑھیا

جیہڑا الاڑا ہا ساندل بار دا

# 43RD ANNUAL CONFERENCE BY AZEEM EDUCATIONAL CONFERENCE

AEM
08 MINUTES READ

The Pakistan National Council of Arts (PNCA) in Islamabad, a hub for cultural and intellectual activities, witnessed a momentous event on September 24, 2023. The occasion marked the 43rd annual conference Enlighten Islamic Values (EIV), by the Azeem Educational Conference (AEC) to delve into the depths of Islamic teachings, spirituality, and to celebrate the day for Syedna Hazrat Umer e Farooq (R.A). Dr. Muhammad Azeem Farooqi, a distinguished religious scholar, researcher, academician, and influencer, presided the conference, with Imran Khan Farooqi taking up the role of host. The event, attended by hundreds, aimed to commemorate Syedna Farooq e Azam and shed light on the timeless principles of Islam.




The conference commenced with the sacred recitation of the Holy Quran, setting the tone for an event deeply rooted in spirituality. The air resonated with the melodious strains of Naat e Rasool, creating an ambiance of reverence. Roomail Iqbal Farooqi added a poignant touch with a heartfelt prayer for the Khawhijan, and the younger generation contributed to the cultural amalgamation by reciting Qaseeda Burda Shareef.

Dr. Muhammad Azeem Farooqi, steering the course of the conference, articulated the profound purpose behind the gathering. He elucidated that the core objective of the AEC was to disseminate knowledge about Islam and religion, focusing on instilling the fundamental principles encapsulated in Iqamat-e-Deen. Dr. Farooqi emphasized thatthe conference wasn't merely an intellectual exercise but a spiritual journey aimed at spreading the eternal teachings of Islam in a benevolent manner.

The conference unfolded in segments, each contributing a unique facet to the collective spiritual narrative. Hafiz Muhammad Imran Farooqi, in the inaugural segment, shed light on the importance of nurturing spiritual connections. Distinguishing between positive and negative connections(Nisbats), he underlined the profound impact of positive Nisbat on personal dignity

and societal respect. Dr. Farooqi invoked the wisdom of Mujaddad Alif Sani, stressing the three fundamental components of Islamic teachings: knowledge, action, and sincerity. A poignant reminder to stay connected with spiritual guides, especially through the Sisila Aalia Naqshbandia Mujadadia, resonated deeply with the audience.

The second segment, featuring Dr. Abdul Rehman Farooqi Wazeer Abadi, explored the possibilities of establishing Iqamat-e-Deen in the contemporary socio-political landscape. Dr. Farooqi argued that the essence of Sufism lies in the establishment of Iqamat-e-Deen, with Syedna Hazrat Umer e Farooq serving as a prime example. He provided insights into how various countries are actively working to promote Iqamat-e-Deen through spiritual practices.

Muhammad Waseem Farooqi, the third speaker, illuminated the personality of Hazrat Umer e Farooq as a role model. His discourse delved into Umer's unique style of governance, humility, and exemplary efforts in nurturing the companions.

The fourth speaker, Umer Nawaz Farooqi, explored the harmonious coexistence of Shariah and Tariqat in the present context.

The conference presented a documentary showcasing AEC's various institutions, including AFAIQA, Azeem English Magazine (AEM), and The Curtain Raisers



Productions. The documentary provided an in-depth look into the impactful projects undertaken by these institutions, amplifying the reach and influence of AEC in the educational and cultural landscape.

The climax of the conference ISLAMIC EDITION Muhammad Azeem Farooqi's final address. With eloquence, he expounded upon the life of Prophet Muhammad (SAW), drawing contemporary parallels. He underscored the importance of importance of surrounding oneself with righteous company and emphasized the need to purify one's heart and mind from impurities.

His advice included a commitment to continuous learning of Islamic studies. He reminded everyone of the importance of staying connected with Allah and His teachings, emphasizing the transformative power of sincere devotion.

The conference culminated in a symbolic dastarbandi to those who



Iqamat-e-Deen and portrayed Syedna Farooq e Azam as a beacon in effectively spreading Islam's message.

In his concluding remarks, Dr. Muhammad Azeem Farooqi urged participants to internalize the teachings of the Quran, making them an integral part of their daily lives. He emphasized the significance of ideal prayers and encouraged everyone to strive for the highest standards in their worship. He reiterated the are part of the Silsila Aalia Naqshbandia Mujaddadia. The atmosphere was charged with spirituality as a heartfelt dua resonated throughout the auditorium. The prayer sought blessings, guidance, and the strength to embody the values discussed during the conference.

The participants expressed their appreciation for the diverse perspectives presented by the speakers. The holistic approach, encompassing spiritual, academic, and practical

dimensions of Islamic teachings, left a profound impact on all attendees.

The Azeem Educational Conference's commitment to promoting Iqamat-e-Deen and fostering an environment of learning the teachings of Islam and reflection was evident throughout the event. The success of the 43rd conference at PNCA Islamabad underscored the importance of such gatherings in teachings of Islam. The event served as a source of light, guiding individuals on a path of spiritual enlightenment in the modern world.

The Enlighten Islamic Values Conference was not just an event; it was a spiritual journey that covered the realms of knowledge, spirituality, and communal engagement. It showcased the richness of Islamic teachings, bringing together




nurturing spiritual growth, community engagement, and the dissemination of Islamic values in contemporary society.

As attendees dispersed, the echoes of the Conference lingered, leaving an indelible mark on the hearts and minds of those who had gathered to commemorate Syedna Farooq e Azam and to strengthen their connection with the eternal scholars, thinkers, and the community in a collective exploration of faith. As the conference concluded, it left behind a tapestry of enriched souls, inspired minds, and a renewed commitment to the timeless principles that define Islam. In its essence, the conference was a testament to the power of collective spiritual endeavors to illuminate hearts and minds in the pursuit of

شاعر ہے جس کا بیان نہایت صریح اور واضح ہے۔ امیر حُسینی (متوفی 718ھ) کی ''زاد المسافرین'' اور کنزالرموز'' بھی اس باب میں قابلِ ذکر ہیں۔محمود شبستری (متوفی 720ھ) کی مشہور مثنوی ''گلشنِ راز'' دقیق عرفانی مطالب پر مشتمل ہے جس کے صوفیانہ مطالب کو آج تک پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔اسی طرح اوحدی مراغی اصفہانی کی مثنوی '' جام جم'' تصوف وحکمت کا عمدہ نمونہ ہے۔خواجو کرمانی (متوفی 752ھ) کی ''روضۃ الانوار''، ''گوہر نامہ''، ''کمال نامہ'' وغیرہ اسی طرز کی صوفیانہ مثنویات ہیں۔

آٹھویں صدی کا عظیم ترین صوفی شاعر حافظ شیرازی (متوفی 791ھ) ہے۔حافظ شیرازی نے تصوف وعرفان اور علم وحکمت کے مضامین ایسے الفاظ میں پیش کئے ہیں جنہیں ترشے ہوئے ہیروں سے تشبیہہ دی گئی ہے۔ حافظ کی شاعری سحر بیانی کا بہترین نمونہ ہے۔شاعر نے حقیقت اور مجاز کے مطالب کو لطیف کنایات اور استعارات میں پیش ہے۔

حافظ کے بعد صوفیانہ شاعری میں مولانا جامیؒ (متوفی 898ھ) ایک ممتاز شخصیت ہیں جن کے ساتھ شاعری کی عظیم صوفیانہ روایت تقریباً ختم ہوگئی۔اسی بناء پر انہیں خاتم الشعراء کہا گیا ہے۔ صفوی دور میں ایران میں حکومت خالص مذہبی بنیادوں پر قائم ہوئی جس سے ایک نیا نظامِ فکر معرض وجود میں آیا۔ چنانچہ اس دور میں اکثر شعراء برصغیر آ گئے اور ان میں سے اکثر بادشاہوں اور امیروں کی مدح سرائی میں مصروف ہوگئے۔ اب وہ صوفی نہیں تھے بلکہ محض صوفیانہ شعر کہتے۔ یہ روایت بارہویں صدی ہجری تک برقرار رہی۔ چنانچہ محمد علی حزین نے تصوف کی قدر و قیمت کے بارے میں کہا کہ:

''تصوف برای شعر گفتن خوب است''۔

تیرہویں اور چودہویں صدی ہجری میں حالات مکمل طور پر دگرگوں ہوگئے اور زمانے کے انداز یکسر بدل گئے۔ اچھی قدروں کو ہدف تنقید بنایا گیا اور بعض غیر شائستہ قدروں کی تعریف کی گئی۔

ایران میں پہلوی دور میں احمد کسروی نے تصوف اور متصوفانہ شاعری کی سخت مخالفت کی۔ البتہ اس مخالفت میں اس کا رویہ غیر متوازن اور غیر منطقی تھا۔مستشرقین نے تصوف پر بہت کچھ لکھا لیکن یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ تصوف مذہب کے خلاف ایرانی ذہن کی بغاوت ہے۔ اس طرح اُنہوں نے عرب وعجم میں تفریق پیدا کرنے کی بڑی گہری سازش کی۔ اس کے باوجود متصوفانہ شاعری کسی نہ کسی طرح رومیؒ اور حافظؒ کے زیر اثر قائم رہی۔ انقلاب اسلامی کے دور میں صوفیانہ شاعری کا مظہر امام خمینی کا دیوان ہے جو حال ہی میں منظر عام پر آیا ہے۔ اس میں متعدد وہ صوفیانہ اصطلاحات ملتی ہیں جو حافظؒ اور عراقی جیسے بلند پایہ صوفی شعراء کے کلام میں پائی جاتی ہیں۔

برصغیر میں متصوفانہ روایت بیدل کے بعد غالب تک موجود رہی اور مسائل تصوف بیان ہوتے رہے۔ گالب کے بعد فارسی کا عظیم شاعر علامہ محمد اقبالؒ ہے جس نے زمانے کے تقاضوں کو درہم برہم کر کے ایک دفعہ پھر سنائی، عطار، رومی اور جامی کے عارفانہ افکار کو جدید اور مؤثر اسلوب میں پیش کیا اور فارسی شاعری کی صوفیانہ اور عارفانہ روایت کو نئے سرے سے زندہ کیا۔علی خامنہ ای نے اس حوالے سے اقبالؒ کی شاعری کو ''معجزہ شعر'' قرار دیا ہے۔

تشخص کا شعور بیدار ہوا۔ اس نظریہ کو شاہ ولی اللہؒ نے اپنی عارفانہ تحریروں سے مزید آگے بڑھایا۔ علامہ اقبالؒ نے اپنے خالص اسلامی فکر ونظر سے اسے ایک تحریک کی شکل دی۔

**شعری ادب میں تصوف:**

فارسی شاعری کو تصوف نے ایک نئی رُوح عطا کی۔ اس سے شعر کے وقار میں خاص اضافہ ہوا۔ صوفی شعراء نے بلند خیالات اور لطیف جذبات کو اپنے اعجاز سے اس طرح پیش کیا کہ شعر سے دلچسپی رکھنے والا ہر شخص اس سے مسحور ہو گیا۔ فارسی شاعری اگرچہ مختلف موضوعات پر محیط ہے لیکن اس کا اہم ترین وہ حصہ ہے جو تصوف اور عرفان کے لطیف مطالب پر مشتمل ہے۔ اس کلام میں جتنی فکر کی گہرائی ہے اتنی ہی جذبے کی سچائی ہے۔ شاید عالم ادب میں فارسی کی صوفیانہ شاعری کی مثال نہ مل سکے۔

فارسی کا پہلا شاعر جس نے عشق وعرفان کے مضامین دلآویز انداز میں رباعیات کی صورت میں پیش کئے وہ پانچویں صدی ہجری کے عظیم صوفی شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ ہیں۔ ان کے بعد چھٹی صدی ہجری میں حکیم سنائی غزنوی کی شخصیت ہے جنہیں پہلا عظیم عارف شاعر قرار دیا گیا ہے۔ سنائی نے اخلاقی اور عرفانی مضامین کو بڑے صریح لہجے میں پیش کیا ہے۔ اس ضمن میں ان کی دو مثنویاں یعنی ''حدیقۃ الحقیقہ'' اور سیر العباد'' خاص اہمیت کی حامل ہیں۔ مثنوی'' حدیقۃ الحقیقہ'' میں تصوف کے اکثر مقامات مثلاً شکر، توکل، زہد، اخلاص وغیرہ کے معانی وغیرہ بڑی باریک بینی سے بیان کئے گئے ہیں۔ سنائی نے اپنے سے بعد میں آنے والے شعراء کے لئے عارفانہ شاعری کی مضبوط بنیاد فراہم کی۔

حکیم سنائی کے بعد عظیم صوفی شاعر فرید الدین عطارؒ ہیں جن کی غزلیات اور مثنویات عارفانہ فارسی شاعری کا دلآویز نمونہ ہیں۔ ان کی کتاب ''منطق الطیر'' چار ہزار چھ سو اشعار پر مشتمل بہترین رمزیہ مثنوی ہے جسے فارسی ادب میں ہمیشہ بلند مقام حاصل رہا ہے۔ اس کے علاوہ ''اسرار نامہ''، ''الٰہی نامہ'' وغیرہ بھی ان کے لطیف عارفانہ افکار کی حامل مثنویات ہیں۔

عطار روح بود وسنائی دو چشمِ او

ماز پی سنائی وعطار آمدہ ایم

سنائی اور عطار کے بعد اسلامی تصوف وعرفان کے سب سے بڑے مفسر مولانا جلال الدین رومیؒ (متوفی 672ھ) ہیں۔ ان کی غزلیات کے اشعار کی تعداد چالیس ہزار اور مثنوی کے اشعار کی تعداد 30 ہزار سے متجاوز ہے۔ رومیؒ نے ان لافانی اشعار میں ایسے عارفانہ خیالات اور حکیمانہ نکات پیش کئے ہیں کہ تمام ادب میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ رومیؒ نے تمثیلی انداز میں مشکل ترین مطالب کو آسان اور قابل فہم بنا دیا۔ اُنہوں نے ایک طرف مسیحیت اور فلاطونیت جدید کے اثرات کو ذہنوں سے دُور کیا اور دوسری طرف اسلام کے اصل حقائق کو واضح اور مدلل انداز میں پیش کیا۔ رومیؒ نے یہ خاص کوشش کی کہ وہ شریعت اور طریقت کو ایک ہی حقیقت ثابت کریں۔ ان کی ''مثنوی معنوی'' اسلامی تصوف وعرفان کا عظیم دایرۃ المعارف ہے اسے انسانی ادب کا شاہکار بھی کہا جا سکتا ہے۔

مثنوی معنوی مولوی

ہست قرآن درز بان پہلوی

رومیؒ نے بعد ان کے فرزند سلطان ولد (متوفی 712ھ) کی مثنوی ''ولد نامہ'' بھی غزل اور مثنوی میں وحدت الوجودی خیالات بڑی دلکشی سے پیش کئے ہیں۔ وہ تصوف کا قلندر منش

سند ہے۔ عطار اور جامی نے اپنی تالیفات کی ترتیب میں اس کتاب سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔ کشف المحجوب کی تالیف کے دوران ہی میں تعارف کی شرح خواجہ اسماعیل مستملی بخاری (متوفی 434ھ) نے فارسی میں لکھی۔

چھٹی اور ساتویں صدی ہجری میں ایران میں تصوف و عرفان کو غیر معمولی فروغ حاصل ہوا اور بہت سے اولیاے نے رشد و ہدایت کا سلسلہ شروع کیا۔ اُنہوں نے مریدین کی تعلیم و تربیت کے لئے کتابیں بھی تالیف کیں۔ البتہ ان میں بیشتر کتابیں عربی زبان میں لکھی گئیں مثلاً شیخ شہاب الدین سہروردی متوفی 632ھ کی تصنیف ''عوارف المعارف'' شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ کی تصنیف ''فتوح الغیب'' اور ''غنیۃ الطالبین'' اور ابن العربی کی معروف کتابیں ''فصوص الحکم'' اور ''فتوحات مکیہ'' ہیں۔ یہ کتابیں اہل فکر و نظر میں بہت مقبول ہوئیں اور تمام مُسلم ممالک میں تصوف و عرفان کی تعلیمات کے لئے انہیں بنیادی ماخذ تصور کیا گیا اور آج تک اہل تصوف و معرفت ان سے استفادہ کرتے ہیں۔ اسی دوران میں فارسی میں بھی بعض بزرگ اولیاء نے اپنے ارادت مندوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لئے متعدد کتب و رسائل تصنیف کئے۔ ان میں سے مندرجہ ذیل معروف ہیں۔

مرصاد العباد از نجم الدین رازی (متوفی 645ھ) وصایا از عبدالخالق عجدوانی (متوفی 575ھ) سراج السائرین از احمد جام نامقی (متوفی 536ھ) تذکرۃ الاولیاء از شیخ فرید الدین عطار (مقتول 627ھ) کشف الحقائق از عزیز الدین نسفی (قرن ہفتم) ذخیرۃ الملوک از سید علی ہمدانی (متوفی 786ھ) اس کے علاوہ سید علی ہمدانی نے تصوف کے موضوع پر عربی اور فارسی میں متعدد کتب و رسائل تصنیف کئے۔ لمعات از فخر الدین عراقی (متوفی 688ھ) اشعۃ اللمعات، نفحات الانس اور لوائح از عبدالرحمن جامی (متوفی 898ھ) خاص پر قابلِ ذکر ہیں۔

**برصغیر میں تصوف کی بنیاد:**

برصغیر میں تصوف و طریقت کی ترویج کے لئے خواجہ معین الدین چشتی ؒ کا نام چشتیہ سلسلہ کے بانی کی حیثیت سے بہت نمایاں ہے۔ ان کے سلسلے میں کئی اولیائے کرام نہایت نامور ہیں۔ جن کی بدولت تمام برصغیر میں آج تک سلسلہ چشتیہ کا اثر و نفوذ قائم ہے۔ خواجہ قطب الدین مسعود بختیار کاکیؒ (متوفی 634ھ) خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکر ؒ (متوفی 970ھ) خواجہ نظام الدین اولیاءؒ (متوفی 725ھ) وغیرہ ان تمام اولیائے کرام نے اپنے اپنے مشائخ کے ملفوظات مرتب کئے جو آج تک ارادت مندوں کے لئے رشد و ہدایت کا سرچشمہ ہیں۔

سلسلہ سہروردیہ خواجہ بہاؤالدین زکریاؒ کے وسیلہ سے برصغیر میں فروغ پذیر ہوا۔ ان کے مریدین میں فخر الدین عراقیؒ، مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ اور امیر حُسینیؒ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

سلسلہ نقشبندیہ کے سب سے پہلے بزرگ جو برصغیر میں آئے اور ان کی وساطت سے سلسلہ نقشبندیہ کو عروج حاصل ہوا خواجہ عبدالباقیؒ نقشبندی ہیں۔ آپ شیخ احمد سرہندیؒ جو گیارہویں صدی کی معروف شخصیت ہیں۔ شیخ احمد سرہندی کے مرید تھے۔ مکتوبات خاص علمی اور عرفانی اہمیت کے حامل ہیں۔ آپ نے تصوف کے خاص موضوع یعنی وحدت الوجود کے مقابلے میں وحدت الشہود کی تعلیم دی جس سے برصغیر کے مسلمانوں میں ملی

اور جب ہم اس راستے پر گامزن ہوکر منزلِ مقصود پر پہنچتے ہیں تو یہ منزلِ مقصود حقیقت ہے''۔

تصوف کی وجہ تسمیہ کے بارے میں بھی محققین کی آراء مختلف ہیں لہٰذا لفظ ''تصوف'' کو صوف، صفہ اور صفا سے مشتق قرار دیا گیا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں بعض مسلمان درویش اور صحابہ کرامؓ چبوتروں پر بیٹھا کرتے تھے جو''اصحابِ الصفہ'' کہلاتے تھے۔انہیں کولوگ صوفی کہنے لگے۔ جب کہ قدیم صوفیاء کرام اس بات پر متفق ہیں کہ لفظ صوفی کو صوف سے نسبت ہے۔صوف ''اون'' کو کہتے ہیں کیونکہ اولین درویش عموماً اُون کے جُبّے پہنا کرتے تھے جو فقر اور سادگی کی علامت تھی اس لئے انہیں صوفی کہا گیا۔ حضرت علی ہجویریؒ ''کشف المحجوب''، میں تصوف کی وجہ تسمیہ کے ضمن میں ''صفا'' کو زیادہ مُعتبر قرار دیتے ہیں کیونکہ ان کے نزدیک صوفی ہونے کی اہم شرط صفائے باطن ہے۔ تاریخ تصوف میں ابوالہاشم الصوفی (متوفی 150ھ) پہلے شخص ہیں جنہیں صوفی کے نام سے موسوم کیا گیا۔ حضرت علی ہجویریؒ نے ''اصحابِ صفہ'' کے بعد حضرت اویس قرنیؒ ، ہرم بن ہیامؒ اور خواجہ حسن بصریؒ کے نام اولین صوفیاء کی فہرست میں رکھتے ہیں۔ بہر حال ذیل میں فارسی ادب کے حوالے سے تصوف کی روایت اور صوفیاء وشعراء کے تصوف پر مشتمل ادبی سرمایہ کا ایک خاکہ پیش کیا جاتا ہے تاکہ تصوف کے آغاز وارتقاء کے چند نمایاں پہلو روشن ہوسکیں۔

**نثری ادب میں تصوف:**

دوسری اور تیسری صدی ہجری میں بعض ایسی شخصیات نظر آتی ہیں جنہیں تذکرہ نگاروں نے اولیاء اللہ کے زمرہ میں لکھا ہے۔ اِن میں سے رابعہ بصریؒ اور بایزید بسطامیؒ بہت معروف ہیں۔ ان اولیاء کے تصوف وعرفان پر اپنی کوئی مرتب کردہ کتاب نہیں البتہ تذکروں میں ان کے عارفانہ اقوال درج ہیں۔ سب سے پہلی تصنیف ''اللمع'' ابونصر سراج کی ہے جس میں تصوف وطریقت کے آداب اور صوفیاء کے احوال ومقامات مذکور ہیں۔ اس کے بعد ''التعرف لمذھب اہل التصوف'' ہے جس کے مئولف امام ابوبکر کلاباوی بخاری (متوفی 385ھ) ہیں۔ اسی دور کی ایک کتاب ''طبقات الصوفیۃ'' جو ابوعبدالرحمن محمد سلمی (متوفی 412ھ) کی تصنیف ہے۔

پانچویں صدی ہجری میں لکھی جانے والی ایک اہم کتاب ''رسالہ قشیریہ'' ہے جو امام ابوالقاسم قشیری (متوفی 465ھ) کی تصوف پر جامع کتاب ہے۔ اس میں تصوف کی بعض اصطلاحات کی تعریف بھی کی گئی ہے اور 80 اولیاء کا تذکرہ بھی شامل ہے۔ متذکرہ چاروں کتابیں عربی زبان میں لکھی گئی ہیں۔ فارسی میں سب سے پہلی تصنیف ''کشف المحجوب'' ہے جس کے مصنف علی بن عثمان ہجویری المعروف ''داتا گنج بخش'' (متوفی تقریباً 480ھ) ہیں۔ یہ کتاب 39 ابواب پر مشتمل ہے اور بلاشبہ اہل تصوف کے لئے عظیم ہدایت نامہ اور گنجینۂ معرفت ہے۔ علم، فقر اور تصوف پر نہایت دقیق بیانات کے بعد بہت سے قدیم اولیاء اور متاخر صوفیاء کا ذکر ہے۔ اس زمانے تک قدیم اولیاء کی نسبت سے تصوف کے جو بارہ سلسلے قائم ہو چکے ہیں ان کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ حضرت علی ہجویریؒ نے شریعت اور طریقت کو ایک ہی حقیقت سے تعبیر کیا ہے۔ یہ تصنیف قدیم فارسی کا ایک اعلیٰ نمونہ ہونے کے ساتھ ساتھ تصوف وعرفان کے مطالب میں بہترین

(تاریخ کے جھروکوں سے)

# فارسی ادب میں تصوف

فوزیہ عظیم
(ایم اے اردو، ایم اے اسلامک اسٹڈیز، ایم اے ایجوکیشن، پرنسپل، الفوز العظیم انٹرنیشنل قرآن اکیڈمی)

تصوف کے آغاز وارتقاء کے بارے میں مختلف آراء سامنے آتی ہیں۔ بعض محققین تصوف کو اہل ہند کے قدیم فلسفہ ویدانت کا پرتو قرار دیتے ہیں اور بعض ایرانی مئورخین تصوف کو خالصتاً ایرانی تحریک مانتے ہوئے اس کا سرچشمہ قدیم ایرانی مفکر مانی کی دینی تعلیمات کو قرار دیتے ہیں۔ مزید برآں بعض محققین کا خیال ہے کہ تصوف افلاطون کی نوفلاطونیت یعنی اشراقی تعلیم کی صدائے بازگشت ہے۔

ویدات اور مانی کی تعلیم منفی فلسفے کی حیثیت رکھتی ہے یعنی دُنیا کو ترک کرو، جسم کو مسلسل ایذارسانی سے نابود کردو اور عالم بالا سے لو لگاؤ۔ جب کہ اشراقی تعلیم کا خلاصہ یہ ہے کہ جو کچھ نفس مُدرک کے اندر ہے خارج میں کسی چیز کا وجود نہیں۔ نفسِ مدرک خارجی مظاہر کو وجود دیتا ہے۔ وجود مطلق خدا کی ذات ہے اور اس کے علاوہ جو کچھ ہے حقیقی نہیں بلکہ محض ظاہری اور اعتباری حیثیت رکھتا ہے۔ نظریہ تصوف کے مطابق اگر کوئی خدا کو جاننا چاہتا ہو تو اپنے نفس کا مطالعہ کرو۔ ایک عارف عقل کے ساتھ ساتھ نور اشراق کے ذریعے حقیقتِ مطلق کو جان سکتا ہے۔

حقیقت امر یہ ہے کہ تصوف ویدانت اور مانی کی دینی تعلیم کے برعکس ایک مثبت فلسفے کی حیثیت رکھتا ہے اور اشراقی تعلیم سے کچھ مشابہت کے باوجود تصوف ایک خالص اسلامی تحریک ہے جو 850ء کے قریب عراق سے چلی اور ایران میں پہنچی۔ اس میں جن باتوں پر زور دیا جاتا ہے وہ یہ ہیں مجاہدہ کرو، حق کی جستجو کر، نفس کی تربیت کے لئے جدوجہد کرو، آئینہ باطن کو اس حد تک جلا دو کہ اس میں جلوۂ حق نظر آنے لگے۔ دُنیا میں رہو اور دُنیا کے حقوق وفرائض پورے کرو۔ اہل دُنیا کی بے ریا خدمت، ریاضت ومجاہدہ کو کشف وشہود کا ذریعہ بناؤ اور کسب معرفت کرو۔ گویا تصوف طلب وجستجو، خلوص ومحبت، تربیت نفس اور کسب معرفت کا نام ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اولین صوفیاء جہاں توحید اور دین داری کی تلقین کرتے تھے وہاں مقام انسانی کی عظمت، اُمید ورجا اور تربیت نفس کی تعلیم دیتے تھے۔ وہ اس بات پر بھی زور دیتے تھے کہ علوم ظاہری سے آراستہ ہوکر زہد اختیار کرو، نفس کی تہذیب کے لئے ریاضت کرو اور رُوح کو تقویت دو۔ دُور اندیشی کو آسان کام نہ سمجھو اور خانقاہوں کو نمود ونمائش کا مقام نہ بنالو۔ یہی وہ طرز زندگی یا مسلک ہے جس پر اہل تصوف یا اہل طریقت عمل کرتے ہیں اور اسے صوفیاء کی زبان میں طریقت کہا جاتا ہے۔

مولانا رومؒ نے مثنوی معنوی کے دفتر پنجم میں شریعت، طریقت اور حقیقت کا فرق بہت خوبصورت انداز میں یوں بیان کیا ہے:

''شریعت ایک شمع ہے جو ہمیں راستہ دکھاتی ہے۔ جب ہم شمع کی روشنی کی مدد سے راستے پر چل نکلتے ہیں تو یہ راستہ طریقت ہے

اپنے ورکر کو کسی صورت کھونا نہیں چاہتا۔ جب ہم کام چور بھی ہوں، نا اہل بھی ہوں، ہم سست بھی ہوں بڑوں کی عزت بھی نہ کریں چھوٹوں پر شفقت بھی نہ کریں اور چھٹیاں لے کر اکثر نکل جائیں اور اپنے ادارے کیلئے سفید ہاتھی بن جائیں تو پھر انھیں کیا کرنا چاہیے؟

## Honesty is the Best Policy.

ایمانداری کو بھی شو نہ کریں تو پھر ہم کیسے توقع کریں گے کہ دوسرے ہمارے لیے سارا کچھ، اپنی ساری زندگی کی جمع پونجی ہم پر لگا دیں چونکہ میٹرک ایف اے یا فلاں ایجوکیشن کر رہے ہیں ہماری جھولی میں سب کچھ ڈال دے۔ ایسا نہیں کرنا چاہئے، ہوسکتا ہے جو اکیسویں گریڈ میں آیا ہو وہ پہلے گیارہویں یا نویں گریڈ میں آیا ہو وہاں سے ترقی کرتے کرتے اپنی کوشش سے جہدِ مسلسل سے اُس اسٹیج تک پہنچا ہو۔

ہم چاہتے ہیں ہم نے بس ایم۔ اے یا ایم فل کر لیا ہمیں بھی فوراً Honda Civic دے دیں اور ہمیں بھی ایک بہترین دفتر دیں ہم دستخط کرتے رہیں بس سائن کرنے کی ڈیوٹی ہو۔ بھئی اُس درجے تک آنے کیلئے آج دنیا میں جتنے بڑے ہیں ہمیشہ نیچے سے اوپر چڑھے ہیں۔

تو نوجوان کو چاہیئے اُس میں ایک جذبہ ہو اپنا قدم آگے سے آگے بڑھانے کی کوشش کرے بڑوں کا احترام کرے حاضر آفیسر کو اعتماد میں رکھے۔ چھوٹوں سے بھی پیار کرے اور اپنے وجود کو ناگزیر بنائے تو پھر دیکھیں ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ کا بھی وعدہ ہے۔

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (ھود:11)

**’’بیشک اللہ کسی محنت کرنے والے کے اجر کو ضائع نہیں کرتا‘‘**

لَيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی (انجم:39)

**’’انسان کو اُس کی محنت کا صلہ ملتا ہے۔‘‘**

جس کی وہ کوشش کرتا ہے اللہ فرماتا ہے میں اُس کو دنیا میں بھی اجر دیتا ہوں اور آخرت میں بھی اجر دوں گا۔

## حدیثِ رسول ﷺ

**حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي يَعْفُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ ـ رضى الله عنها ـ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِئْزَرَهُ، وَأَحْيَا لَيْلَهُ، وَأَيْقَظَ أَهْلَهُ.**

**Translation:**

Narrated Aisha: With the start of the last ten days of Ramadan, the Prophet(ﷺ)used to tighten his waist belt(i.e. work hard( and used to pray all the night, and used to keep his family awake for the prayers.

Sahih al-Bukhari 2024

ترمذی:2518)

**جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اُس سے بھی پرہیز کرو۔**

کیونکہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو بندے کی ساری کوشش null and voideہو جاتی ہیں۔ لہٰذا طریقت وتصوف میں ملازمین کی حیثیت زیادہ نازک ہے مالک کی نسبت۔ پھر یہ بھی حکم ہے کہ قناعت کا راستہ اختیار کرے یہ نہیں کہ مار دھاڑ سے مال آنا چاہیئے۔

طریقت وتصوف تو سادگی، عاجزی، انکساری، قناعت اور توکل علَی اللہ پر قائم رہنے کا نام ہے جو ہمارے مقدر میں رزق ہے وہ ہمیں حلال طریقے سے بھی مل جائے گا اور جو مقدر میں نہیں ہے جتنی مرضی کوشش کرلو وہ ہمیں حاصل نہیں ہوسکتا۔

**اینکر:**

**کیا جاب سیکورٹی (Job Secutity) ملازمت کا تحفظ ہی ایک ایسا عنصر ہے جو اِس رویے کو بہتر کرسکتا ہے؟**

**مہمان:**

علامہ اقبالؒ کو نوجوانوں کا شاعر بھی کہہ سکتے ہیں اور شاعرِ انقلاب بھی کیونکہ انھوں نے جگہ جگہ اپنی شاعری میں نوجوان طبقہ کو مخاطب کیا ہے۔

**؎ محبت مجھے اُن جوانوں سے ہے**
**ستاروں پر جو ڈالتے ہیں کمند (اقبالؒ)**

بطور ملازم آج کا نوجوان سمجھتا ہے کہ حصولِ علم کا مقصد نوکری ہے۔ ہمارا نوجوان جو تعلیم حاصل کرلیتا ہے عموماً وہ یہ سمجھتا ہے کہ مجھے بہت بلند نوکری دی جائے اور مجھے سفید پوشی کا اعلیٰ سے اعلیٰ عہدہ دیا جائے جس نے میٹرک پاس کیا ہے وہ بھی یہی توقع کرتا ہے کہ مجھے اب آفسر لگا دیں جس نے انٹر کیا ہے گریجویشن کی ہے یا کسی درجے کی بھی تعلیم حاصل کی ہے تو، توقعات بہت زیادہ ہیں لیکن ملازمت کے مواقع محدود ہوتے ہیں ہر ایک کو نوکری دینا ممکن نہیں ہوتا انگریزی کا ایک محاورہ ہے۔

**First deserve then desire.**

**ہر کہ خدمت کرد خود مخدوم شُدُ**

یہ فارسی کا محاورہ بولا جاتا ہے تو ہم خواہشات کی ہواؤں میں اڑتے رہتے ہیں بھئی!

**Actions speak louder than words.**

**تم کچھ کر کے تو دکھاؤ تم اپنی قدر و قیمت خود ثابت کرو.**

**Handsome is that who handsome does.**

**کام اچھا ہوتا ہے چام اچھا نہیں ہوتا۔**

ہمارے نوجوانوں کو یہ بات سمجھنی چاہئے کہ ہم یہ ساری ذمہ داری گورنمنٹ پر نہیں ڈال سکتے اور پھر جو پرائیوٹ ادارے ہیں تو ان کا رویہ مال بناؤ Money hunting ہوتا ہے ان کی اپنی مجبوریاں ہیں اُن کے اپنے مسائل ہیں۔

ہم یہ توقع کرتے ہیں کہ ہمیں سرکاری ملازم کی طرح ڈیل (deal) کیا جائے اور ہمیں سارے حقوق دیئے جائیں جو بیسویں اکیسویں گریڈ کا آفیسر حاصل کر رہا ہے۔ بھئی تم نے ابھی جمعہ جمعہ آٹھ دن تعلیم حاصل کی ہے پہلے جا کر جس شعبے میں گئے ہو یا جا کر خدمات پیش کرو، اپنی اہمیت ثابت کرو۔ اُس ادارے کی ایک ضرورت اور مجبوری بن جاؤ اُس ادارے کو Uplift کرنے میں اپنا کردار ادا کرو، جب تمہاری خدمات اتنی بڑھ جائیں گی تو ادارے والے اتنے اندھے نہیں ہیں۔ کوئی بھی

اور گناہ کے باطن سے بھی بچو۔ اگر ظاہر سے انسان چغل خوری کرتا ہے جوا کھیلتا ہے یا ناپسندیدہ امور سرانجام دیتا ہے تو باطن میں حسد ہے، کینہ ہے، لالچ ہے، تکبر ہے، گندی خواہشات ہیں اور منافقت ہے، شرک ہے۔ اب یہ چیزیں نظر تو نہیں آتی لہذا عمل میں اخلاص پیدا کرنے پر شریعت نے بہت زور دیا ہے اور اس کو مرکزی حیثیت دی ہے۔ آج کل انسان معاشرتی سے زیادہ معاشی حیوان ہے جو انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ اُس کو صادق وامین بن کر نبھایا جائے۔

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:**

**اگر انسان ایک لقمہ حرام کھالیتا ہے تو چالیس دن تک اُس کی دعائیں، اُس کی عبادتیں، اُس کی تسبیحات، بے اثر ہو کر رہ جاتی ہیں۔**

اگر حرام کمائی سے وہ کوئی امرِ خیر بھی کرتا ہے مثلاً حج یا عمرہ یا کوئی اور امر خیر کرتا ہے تو اُس کی بھی کوئی حیثیت نہیں رہتی۔ لہذا طریقت اور تصوف تو ایک ایک شے کو فوکس (Focus) کرتی ہے۔

صحابی نے عرض کی **حضور فرمائیں میں چاہتا ہوں کہ میں مستجاب الداعوۃ ہو جاؤں:**

**تو فرمایا کہ اُس کا طریقہ یہ ہے کہ تو زبان سے صرف سچ بول اور لقمہ حلال استعمال** کر۔ اور یہ بھی فرمان ہے کہ ایک لقمہ حرام انسان کی چالیس دن کی عبادتوں کو ضائع کر دیتا ہے اور 90% فیصد عبادت رزقِ حلال کمانا اور کھانا ہے۔

**1**) اب صوفیا کا موقف یہ ہے کہ انسان کی ساری عبادتیں، ساری تلاوتیں، سارے حج وعمرے، علیٰ ھذ القیاس کوئی بھی عبادت ہو اُس وقت تک مؤثر نہیں ہوتی جب تک وہ اپنے اندر اخلاص پیدا نہیں کرتا رزقِ حلال کا اہتمام نہیں کرتا تو اِس میں ملازمین کی بھی ذمہ داریاں ہیں یہ نہیں کہ ہم صرف مالک کو ہی گرِفت کرتے رہیں ۔ ملازم کا بھی فرض ہے کہ وہ سستی نہ کرے، غفلت نہ کرے، وہ خوفِ خدا رکھے، وہ حسنِ سلوک کرے۔ یہ نہیں کہ اُس کو گاڑی ٹھیک کرنے کیلئے دی ہے تو قیمتی پرزا نکال کر لے جائے۔تو وہ اپنے رزق کو برباد کرے گا۔اور دس روپے کا اگر کام ہے تو وہ اُس سے ہزار روپیہ اُجرت لے لے۔ یہ بھی بہت بڑی جسارت اور زیادتی ہے یا وہ جھوٹ بول رہا ہے یا وہ کم تول رہا ہے یا وہ کم ناپ رہا ہے تو اِس اعتبار سے ملازمین پر بھی یہ ڈیوٹی عائد ہوتی ہے کہ صداقت و امانت کے تقاضے پورے کریں

**2**) وہ سمجھیں کہ ہم اِس خدمت کے عوض اِس محنت کے بدلے جو ہم مال اور پیسہ لے رہے ہیں اِس سے ہماری عبادت کی قبولیت بھی وابستہ ہے۔ جس سے ہماری اولاد کی بہتری بھی وابستہ ہے۔ ہمارے گھر کا نظام پورا معاشرتی نظام وابستہ ہے کیونکہ اگر رزق کے معاملات میں انسان شریعت کے دائرے سے باہر نکل جاتا ہے تو بہت ساری صورتوں میں بدلہ لینے کیلئے قانون بھی حرکت میں آجاتا ہے اور وہ بھی چار سو بیس کا مقدمہ انسان پر کر دیتا ہے۔

ملاوٹ اور جعل سازی اور ذخیرہ اندوزی اور اِس طرح کے دیگر ناجائز طریقے سے مال کمانے، بٹورنے یا اکھٹے کرنے کے طریقے قانون کی گرفت میں بھی آتے ہیں اور شریعت بھی اُس پر گرفت کرتی ہے طریقت تو اس سے بھی آگے بڑھ کر تقویٰ اور اخلاص نیت کو فوکس کرتی ہے ارشاد ہوا:

دَعْ مَایُرِیْبُکَ اِلیٰ مَالَا یَرِیْبُکَ (حدیث جامع

ہوں، اُس کے اہل خانہ ہوں۔ تو اُس کو غیر ضروری دباؤ میں نہ ڈالو کوئی غیر شرعی معاہدہ نہیں ہوسکتا۔

کوئی سود کا نظام کرتا ہے، کوئی رشتوں کی ڈیل کرتا ہے یا کوئی منشیات کا کاروبار کرتا ہے یا ایسا جس کو شریعت نے جائز نہیں کیا ہو۔ کوئی چوری ڈاکے کے معاہدے کرے سب مردود ہیں۔ باقی جو روزمرہ تجارت ہے ہم زراعت کرتے ہیں یا پھر جو معمولی چیزیں جو ہم بازار سے، منڈی سے خریدتے ہیں وہ بھی خدمات ہیں پیسے دیتے ہیں ان سے اجناس وغیرہ لیتے ہیں گھریلو ملازمین ہوتے ہیں۔ اس میں امانت ودیانت ضروری ہے

**پھر فرمایا:**

جب ماہ رمضان ہوا تو اپنے ملازمین کو تھوڑا سا افاقہ کروتا کہ وہ عبادت بھی کرسکیں روزہ اور بھوکا رہنے کی وجہ سے جو جسم میں کمزوری ہے وہ بھی اُن کی تلافی ہوسکے۔

ملازم مالک کو خوش کرنے کی کوشش کرے اور مالک ملازم کو خوش کرنے کی کوشش کرے تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں اگر اس دوران کوئی چھوٹی موٹی کمی بیشی ہوجائے تو جو بڑا ہے مالک ہے اجر ہے وہ بڑے پن کا مظاہرہ کرے اور اجیر (مزدور) کو اذیت نہ دے۔

حضرت انسؓ فرماتے ہیں میں سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیساتھ کئی سال رہا بعض اوقات کمی بیشی ہو جاتی تھی تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اُف بھی نہیں کہتے تھے۔

یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اعلیٰ ظرفی اور اخلاق محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھا۔

ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابومسعود انصاریؓ اپنے غلام کو کھینچ رہے تھے کہ تو نے یہ کیا وہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے گئے فرمایا کہ اے میرے ابومسعود انصاریؓ اے میرے صحابی اللہ کو تمہارے گناہ زیادہ قدرت حاصل ہے کہ وہ تمہیں اِس طرح گرفت کرے تو لہذا تم چھوٹے موٹے قصور معاف کرنا اور درگزر کرنا سیکھو اور اِس روایت کو جاری رکھنا چاہیے۔

**اینکر:**

**صوفیانہ روایات میں اِس ضمن میں ہمیں کیا مثالیں ملتی ہیں؟**

**مہمان:**

صوفی، درویش، فقیر، ولی اللہ یا طریقت اور فقر کے راستے پر چلنے والا اصل میں اصحابِ صفہ کے طریقے اور نصب العین جا تا ہے تو اِن کی دہری ذمہ داری بنتی ہے کیونکہ طریقت اور تصوف شریعت کے ظاہر کیساتھ ساتھ شریعت کے باطن کو بھی اُسی طرح اہمیت دیتا ہے وہ کہتا ہے اگر ہمارا جسم شریعت کے ظاہر کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہے تو ہمارا باطن، قلب، روح، سِر، خفی اور اخفیٰ شریعت کے باطن کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہونا چاہیے۔ جو حسد، لالچ، کینہ، تکبر، غصہ، طمع اور تکبر سے پاک ہو۔

**حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ**

**اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ (سنن ابی داود: 2201)**

**"بیشک عملوں کا دار آمدار نیتوں پر ہے۔"**

اگر قلب پاک نہیں، دل ٹھیک نہیں، نیت میں اخلاص نہیں تو بہت بڑی نیکی بھی بے اثر ہو کر رہ جاتی ہے لیکن اگر باطن اور ظاہر دونوں ایک دوسرے کی عکاسی کریں تو تب شریعت کے تقاضے پورے ہوتے ہیں۔

**اقرار بالسان وتصدیق بالقلب**

اِس لیے شریعت نے قرآن میں کہا کہ تم گناہ کے ظاہر سے بھی بچو

**مثلاً فرمایا کہ:**

وَأَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا (البقرۃ:275)

**اللہ نے بیع کو(تجارت کو، کاروبار کو) حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے۔**

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ**

اَلتَّاجِرُ الصَّدُوقُ الْاَمِینُ مَعَ النَّبِیِّینَ وَ الصِّدِّیقِینَ وَالشُّھَدَاءِ (جامع ترمذی:1209)

کوئی بھی سچائی کیساتھ تجارت کرنے والا ہے( چاہے یہ چھوٹے درجے میں ہو، ملازمت کر رہا ہے، ڈیوٹی دے رہا ہے، سروسز فراہم کر رہا ہے تو اِسے تم معمولی نہ سمجھ بلکہ صداقت امانت دیانت کیساتھ جو یہ ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے۔

وہ اللہ کے نزدیک، انبیاء اور صدقاء اور شہدا کے ساتھ ہوگا۔

**یہ بھی آپ کی حدیث شریف ہے۔**

اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہِ (حدیث) **(تفسیر روح المعانی)**

**رزق حلال کمانے والا (معمولی درجے کا انسان نہیں بلکہ) اللہ کا دوست ہے۔**

یہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ مجھے اُس آدمی سے حیا آتی ہے کہ اُس شخص سے جو حلال طریقے سے رزق کماتا اور کھاتا ہے۔

**اور یہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:**

**اگر عبادت کے دس حصے ہوں تو نو حصوں کا نام رزقِ حلال کمانا اور کھانا ہے ایک حصے میں ہماری عبادتیں تلاوتیں درود شریف اور ذکر اذکار اور باقی ساری خدمات آتی ہیں۔**

تو اِس اعتبار سے یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے قرآن پاک کی سب سے طویل آیت میں، صرف یہی بات سمجھائی گئی ہے کہ جب بھی لین دین Give and Take کرتے ہو bargaining یا سودے بازی کرتے ہو چاہے سروسز (Services) دیتے ہو یا کوئی اُس کے بدلے میں اجناس دیتے لیتے ہو، پیسہ یا مال دیتے ہو، تو تم اُس کو لازمی طور پر لکھو۔ لکھنا ضروری ہے اگر لکھنا نہیں آتا تو کسی کی خدمات لے لو اور لکھنے والے کو پھر الگ مخاطب کیا کہ تمہیں اللہ نے جو علم سکھایا ہے تم انکار نہ کرو۔ پھر فرمایا تم گواہ ضرور بناؤ دو مردوں کو۔ اگر دو مرد نہیں ملتے تو چلو ایک مرد اور دو عورتیں ہو جائیں تاکہ اگر ایک عورت بھول جائے دوسری اُس کو یاد کروا دے۔

**پھر فرمایا**

ضرورت پڑے تو گواہ کو چاہئے کہ وہ جا کر اصل صورتِ حال سے بھی آگاہ کرے۔ اِس میں ایمانداری بَرتو۔

وَلَاتَکْتُمُوا الشَّھَادَۃَ وَمَنْ یَّکْتُمْھَا فَاِ نَّہٗ اٰثِمٌ قَلْبُہٗ (البقرۃ:283)

اور تم گواہی نہ چھپاؤ اور جو اُس کو چھپائے گا تو یقیناً اُس کا دل گناہ گار ہے۔

کہ وہ اُس گواہی کو نہ چھپائے اور گواہ کو بھی غیر ضروری تردُّد میں مبتلا نہ کیا جائے تو یہ جو بیع اور شرح ہے اِس کے لیے فرمایا کہ جو ملازم ہے اُس کو چاہئے کہ جو اُس نے معاہدہ کیا ہے وہ انتہائی ذمہ داری اور ایمانداری کے ساتھ اسکو (ڈیوٹی) فرض سمجھ کر ادا کرے۔

اَجر کو حکم دیا کہ دیکھو اُس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اُس کا معاوضہ دو کیونکہ وہ صرف ایک ملازم نہیں ہے کوئی ہوسکتا ہے اُس کی ایک فیملی ہو بوڑھے ماں باپ ہوں، اُس کی بیٹیاں، بیٹے

اِنَّ اللّٰہَ یَأْمُرُ کُمْ اَنْ تُؤَ دُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰی اَھْلِھَا (النساء:58)

**''امانتیں ان کے حق داروں تک پہنچائیں۔''**

تو جو معاہدہ کیا گیا ہے اور اس کے عوض give and take, Wages, Salary طے کی گئی ہے وہ چاہے تھوڑی ہو یا زیادہ ہواُس کو خوش دلی سے ادا کرنا اور جو ڈیوٹی سرانجام دینی ہے اُس کو بھی ایمانداری سے دیانت داری سے سرانجام دینا یہ نا صرف ایک قانونی ضرورت ہے بلکہ یہ ایک شرعی ضرورت بھی ہے زیادہ بہتر ہے اِس کیلئے بلیک اینڈ وائٹ لکھا جائے اُس پر گواہ بنائے جائیں دومرد اگر دومرد نہ ملیں تو فرمایا کہ ایک مرد اور دوعورتیں گواہ بنیں عورت۔ تاکہ جو معاہدہ کیا گیا ہے، چھوٹا ہے یا بڑا ہے۔ اُس سے بہت قباحتیں پیدا ہوتی ہیں اُن سے بچا جا سکے۔

**اینکر:**

**افسر اور ماتحت کے حقوق و فرائض میں کیسے توازن پیدا کیا جاسکتا ہے؟**

**مہمان:**

دیکھیں اِس کیلئے آجر اور اجیر کا تصور( Employee or Employer ) ہے تو الحمد اللہ ہمارا یہ ایمان بھی ہے اور دعوی بھی ہے کہ اسلام ایک مکمل دین ہے۔

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِ سْلَامُ (آل عمران:19)

**اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین اسلام ہے۔**

وَ لَا رَطْبٍ وَ لَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ (الانعام:59)

**کوئی خشک اور تر شے ایسی نہیں جس کا علم اللہ نے قرآن میں نہ رکھا ہو۔**

اور یہ دین دینِ فطرت ہے۔

فِطْرَتَ اللّٰہِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْھَا ط لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰہِ (الروم:30)

**''اللہ کی فطرت وہ ہے جس پر انسان کو پیدا کیا گیا ہے اللہ کی فطرت تبدیل ہونے والی نہیں ہے۔''**

اب چونکہ تجارت ایک بہت بڑا شعبہ ہے جو انسانی زندگی کے ہر گوشے میں پھیلا ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن پاک میں سب سے لمبی آیت ہے وہ بیع اور شریٰ کی آیت ہے آجر اور اجیر جو معاہدہ کرتے ہیں وہ دونوں پابند ہوتے ہیں اور تجارت کا قرآن نے واضح طور پر تصور پیش کیا ہے۔

لَا تَأْ کُلُوْ اَمْوَ لَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ (النساء:29)

**تم باطل طریقے سے ایک دوسرے کے مال نہ کھاؤ۔**

گویا کہ اللہ نے ایک دوسرے کا مال کھانا تمہارے لیے حرام کردیا ہے مگر باہمی تجارت کیساتھ، معاہدے کیساتھ اور یہ بھی فرمایا۔

اَلْمُؤْمِنُ عَلَی الْمُؤْمِنِ حَرَامُ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ O (سنن ابن ماجه: حديث3933)

**ایک مومن پر دوسرے مومن کی جان (یعنی خون) اُس کا مال اور اُس کی عزت حرام ہے۔**

یعنی ہم کسی کے مال کو بھی نقصان نہیں دے سکتے اِلّا کہ ہم نے تجارت کی ہے اُس کیلئے باقاعدہ ضابطے ہر معاشرے میں ہوتے ہیں یہ بزنس ڈیل طے کی جاتی ہے ایک بزنس معاہدہ ہوتا ہے تقریباً دنیا کے ہر دستور میں، ہر ملک میں، ساری چیزیں (بلیک اینڈ وائٹ) بھی ہیں تو جب ہم اسلامی نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں تو اُس میں چند حدود و قیود بھی ہیں۔

(صُبحِ عظیم)

# ملازم کے حقوق

## محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فِل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر) مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ و ثقافت)

**اینکر:**

**لفظ ملازم سے کیا مراد ہے اور اِس کے زمرے میں کون کونسے لوگ آتے ہیں؟**

**مہمان:**

ملازم جس کی جمع "**ملازمین**" ہے اِس کیلئے دیگر الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ ملازم اصل میں وہ فرد ہے جو اپنی خدمات کے عوض کوئی معاوضہ یا کوئی تنخواہ وغیرہ حاصل کرتا ہے ملازم کیلئے ایک اور لفظ اجیر بھی بولا جاتا ہے Employee اور جو اُس کو ملازم رکھتا ہے جس کے پاس Hiring and firing authority ہوتی ہے اُس کو آجر کہتے ہیں۔

یعنی اجر دینے والا اور اجیر ہے لینے والا ملازمین کیلئے دیگر الفاظ بھی بعض اوقات استعمال ہوتے ہیں جیسے خادم کا لفظ اور نوکر کا لفظ بھی بولتے ہیں میٹ خادمہ کا بھی بولتے ہیں اِس میں ماسی کا لفظ بھی استعمال ہوتا ہے ملازمین میں نجی اور سرکاری ملازم سبھی شامل ہیں۔

سرکاری ملازم میں بھی کچھ مستقل ملازم ہوتے ہیں کچھ Contract پر جو وقتی ہوتے ہیں پھر نیم سرکاری اداروں کے جو ملازمین ہیں وہ بھی اُس میں شامل ہیں پھر اِس کے علاوہ نجی اداروں میں، پرائیوٹ اداروں میں اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں وہ چاہے درس وتدریس کی ذمہ داری ہے وہ چاہے کسی بینک کی ملازمت ہے، کسی فیکٹری کی ہے، کسی ورک شاپ کی ہے، یا جو گھریلو ملازمین ہیں وہ بھی اِس میں آجاتے ہیں۔ ہر قسم کے دیہاڑی دار بھی اس میں شامل ہیں جو مزدوری میں اپنی دیہاڑی لگاتے ہیں یا Uber, Careem چلانے والے ڈرائیور بھی ہیں اِس میں پلمبر بھی ہے اس میں الیکٹریشن بھی ہے ہم اپنی ضروریات پوری کرنے کیلئے اِس کو بھی ہائیر کرتے ہیں اور جس کے ساتھ بھی کوئی ہم معاہدہ کرتے ہیں وہ چاہے تحریری ہو یا غیر تحریری ہو تو وہ ملازم کے زمرے میں آئیں گے۔

**اور قرآن پاک میں اِس کا واضح تصور ہے۔**

**اَوۡفُوۡا بِالۡعَهۡدِ‌ ۚ اِنَّ الۡعَهۡدَ كَانَ مَسۡـُٔوۡلًا (الاسراء:34)**

**"جب تم کسی سے عہد کرو تو اُس کو اچھے طریقے سے پورا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ عہد کے بارے میں سوال کرے گا۔"**

**اور یہ بھی فرمایا**

**لَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ (مشکوۃ المصابیح حدیث:35)**

**اُس کا کوئی دین نہیں ہے جو عہد پورا نہیں کرتا۔**

**اور یہ بھی حکم ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ جو ہے تمہیں حکم دیتا ہیکہ:**

**قرآن پاک میں بھی اللہ فرماتا ہے**

**جب غیر محرموں سے بات کرو تو باوقار طریقے سے اور معروف طریقے سے کرو۔(الاحزاب)**

تمہارا لہجہ، تمہارا انداز ایسا نہ ہو کہ دکاندار کے دل میں حرص پیدا ہونا شروع ہو جائے برائی کے جراثیم پیدا ہو جائیں تو یہ بھی آداب ہیں خرید وفروخت کے جو ہمیں شریعت نے سکھائے۔

**پھر حضور ﷺ فرماتے ہیں:**

**بازاروں اور راستوں کو تنگ نہ کرو۔**

اکثر ریڑھی بان، دوسو فٹ سڑک ہوتی ہے لیکن گزرنے کیلئے پانچ فٹ بھی جگہ نہیں ملتی۔ آپ ﷺ نے سخت وعید سنائی ایسے لوگوں کیلئے جو رستوں کو تنگ کرتے ہیں پھر فرمایا کہ

**جو راستوں کے درمیان میں چلتے ہیں تو سائیڈ پر چلیں راستوں کو کشادہ رکھو۔**

تو ہم نوجوان طبقے کو یہ چیزیں سکھائیں۔ تعلیمی اداروں میں بھی سکھائیں۔ میں کامرس کے شعبے سے بڑا عرصہ وابستہ رہا ہوں تو وہاں میں نے دیکھا ہے کچھ اساتذہ بیٹھتے ہیں تو صرف پیسے کمانے کے طریقے، قدم آگے بڑھانے کے طریقے بتاتے ہیں لیکن طلباء کو اُس کیساتھ ساتھ نیکی کی تعلیم بھی دینی ہے ایمانداری کا تصور بھی دینا ہے۔

**سرکار ﷺ فرماتے ہیں**

**اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہِ (تفسیر روح المعانی)**

**”رزقِ حلال کمانے والا (کوئی معمولی درجے کا نہیں) وہ اللہ کا دوست ہوتا ہے۔“**

اور یہ صرف عبادت نہیں کرتا بلکہ سرکار ﷺ فرماتے ہیں اگر عبادت کے دس حصے ہوں تو نو حصے عبادت کے رزقِ حلال کمانا اور رزقِ حلال کھانا ہے۔

اور ایک حصے میں ہماری نمازیں، روزے اور سارا کچھ باقی چیزیں آتی ہیں جسکو ہم بہت بڑا کمال سمجھتے ہیں اگر رزقِ حلال نہیں تو وہ عبادتیں بھی بے اثر اور بے روح ہو کر رہ جاتی ہیں۔

ایک لقمہ حرام کھایا چالیس دن تک عبادت اور دعائیں بے اثر ہو گئیں۔

**تیری نماز بے سرور تیرا امام بے حضور**
**ایسی نماز سے گزر ایسے امام سے گزر**
**جن کا عمل بے غرض اُس کی جزا کچھ اور ہے**
**حُور و خیام سے گزر بادہ و جام سے گزر**
**سوداگری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے**
**اے ناسمجھ جزا کی تمنا بھی چھوڑ دیں**
**رہ گئی رسمِ اذاں، رُوحِ بلالی نہ رہی**
**فلسفہ رہ گیا، تلقینِ غزالی نہ رہی (اقبالؒ)**

تو والدین بھی ذمہ داری نبھائیں اساتذہ بھی، مشائخ بھی، علماء بھی، جمعے میں، مختلف خطبات میں بھی ان بنیادی چیزوں کو بھی highlight کریں، پھر حکمران طبقہ بھی، پھر پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا بھی اپنی طرف سے ان کو تجارت بھی سکھائیں اور ایمانداری والی اسلامی تجارت بھی۔

ہیں، ان کو میں سات کر لوں ۔ میں ماں باپ کی خدمت کر رہا ہوں ۔ میں سارے بزرگوں کی خدمت کروں ۔ میں اپنی آل اولاد کی خدمت کرتا ہوں دوسروں کی آل اولاد کی بھی خدمت کرو۔ میرے پاس علم ہے ہر طرف سے جہالت دور ہو جائے میرے پاس جو چیز ہے میں دوسرے کو بھی دوں ۔

**اِسی لیے سرکار ﷺ نے فرمایا:**

وہ مومن نہیں، وہ مومن نہیں، وہ مومن نہیں فرمایا سرکار کون مومن نہیں؟ فرمایا جو خود تو پیٹ بھر کر کھاتا ہے لیکن ہمسایہ بھوکا ہے اب ہمسائے میں چالیس لوگ دائیں بائیں آگے پیچھے شامل ہیں تو یہ بڑے بڑے گاڑیوں والے، بڑے بڑے وسیع وسائل والے بے قرار ہیں، کوئی دیکھتا ہے اسکو سکون کہاں سے آنا ہے۔

**ے نہ سکھ گھوڑے، پالگی، نہ سکھ چتر کی چھاؤں**

**یا سکھ ہر کی بھگت میں یا سکھ سنگت ماؤں**

**(گوتم بدھ)**

سکون چاہتے ہو تو وہ اللہ کے ذکر میں ہے نیک مجلس میں ہے اور مخلوق کی خدمت کرنے میں ہے تو طریقت وتصوف کا اُوڑھنا بچھونا ہی یہ ہے۔

**ے طریقت بجز خدمتِ خلق نیست**

**بہ تسبیح وسجادہ ودلق نیست (شیخ سعدی شیرازی)**

**"تصوف خدمتِ خلق کے سوا کچھ اور تسبیحات و وظائف، سجادہ نیشی، گدری پہننا سب کچھ اس کے آگے ہیچ ہے۔**

اللہ والے ذکر کرواتے ہیں نیک مجلس میں بیٹھاتے ہیں، سرکار ﷺ کی سیرت سے، اولیا اکرام کی سیرت سے آگاہ کرتے ہیں۔ لوٹا مصلیٰ اور چھوٹی سی جھونپڑی ہے تو اپنی خواہشات کو محدود کیا جائے اور عبادت اور نیکی کے درجے کو بڑھایا جائے دل میں بھی سکون ہو گا دنیا بھی امن میں رہے گا کاروبار بھی ٹھیک چلے گا نظام بھی ٹھیک چلے گا۔ (ان شاءاللہ)

**اینکر**

**کیا آگاہی (Awareness) کے علاوہ اور بھی چیزیں ہیں جو نوجوانوں میں شعور پیدا کرسکتی ہیں؟**

**مہمان**

دیکھیں نوجوان طبقہ کسی بھی معاشرے کا ایک بہترین طبقہ ہوتا ہے جن کے عزائم بلند ہوتے ہیں علامہ اقبالؒ نے بھی کہا تھا۔

**ے محبت مجھے اُن جوانوں سے ہے**

**ستاروں پے جو ڈالتے ہیں کمند (اقبالؒ)**

ساتھ مشورہ بھی دیا

**ے دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر نیا زمانہ نئی صبح وشام پیدا کر**

**مرا طریق امیری نہیں فقیری ہے**

**خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر (اقبالؒ)**

میں سمجھتا ہوں طلباء کی صحیح طریقے سے تربیت کی جائے۔ ان کو صرف پیسے کمانے کے طریقے نہ سکھائے جائیں۔ انہیں حلال کمانے کے طریقے سیکھائے جائیں۔ ماں باپ ان کو خرید و فروخت کے طریقے سیکھائیں اپنے ساتھ بازار لے کر جائیں۔ کوئی اہم بزنس ڈیل کرنی ہو تو انکو اپنے ساتھ رکھیں اور اپنی سادگی سے، اپنی شرافت سے، اپنی امانت اور دیانت سے اور اپنی معاملہ فہمی سے انکو بھی ساتھ ساتھ ٹرینڈ (Trained) کریں۔ ماؤں کیساتھ بیٹیاں جائیں وہ دیکھیں کہ ہماری مائیں کس طرح لین دین کرتی ہیں۔

**عبادت کرے۔ کچھ وقت رزقِ حلال کمائے باقی وقت اپنے اہل وعیال میں گزارے۔**

سادہ سا معیارِ زندگی ہے جیسے کوئی مسافر ہوتا ہے۔

**۔ جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے**

**یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے**

**(خواجہ عزیز الحسن مجذوب)**

تو انسان جب لامحدود خواہشات و دنیا سینے میں پال لیتا ہے اور سمجھتا ہے کہ یہ میرے لیے کامیابی ہے میرا گھر چھوٹا ہے بڑا ہوجائے اور تھوڑا سا اور بڑا ہوجائے اور ایک محل ہوجائے اور محل ہوگیا ہے کہ تو میری منگنی ہو جائے، میری شادی ہو جائے، میرے بچے ہو جائیں میرے پاس سائیکل ہے موٹر سائیکل آ جائے، گاڑی آ جائے، پھر بڑی گاڑی آ جائے سکون، تو آتا ہی نہیں پھر بھی۔

**حضور اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:**

**ایسے حریص کو اگر سونے سے بھر کر وادی دے دی جائے تو اسکو پھر بھی چین نہیں آئے گا۔ وہ ایک اور وادی کی طلب کرے گا۔**

**اللہ قرآن میں کہتا ہے**

اَلۡهٰكُمُ التَّكَاثُرُ O حَتّٰى زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ O (التکاثر: ۲، ۱)

**''تمہیں دولت کی ہوس نے اندھا کر دیا یا ہلاک کر دیا کہ تم قبروں تک جا پہنچے۔''**

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا**

حُبُّ الدُّنۡیَا رَأۡسُ کُلِّ خَطِیۡئَةٍ (مشکوۃ المصابیح: 5103)

**''ہر برائی کی جڑ دنیا کی محبت ہے''۔**

**شہد دکھائے زہر پلائے، قاتل ڈائن شوہر کش کس مُردار پہ تو للچایا**

**دنیا دیکھی بھالی ہے (امام احمد رضا خانؒ)**

**اِس لیے حضرت علی المرتضیٰ شیرِ خداؓ فرمایا کرتے تھے:**

یَا دُنۡیَا اُخۡرُجِیۡ غَیۡرِیۡ طَلَّقۡتُکِ بِثَلَاثَةِ مَرَّتَیۡنِ O

''اے دنیا دفع ہوجا تو علی کو دھوکا نہیں دے سکتی۔ میں نے تمہیں تین طلاقیں دے دی ہیں۔''

تو یہ جتنے بھی فراڈ کے روبار میں ہیں جو لوگ پلاٹ ازم کا شکار ہیں۔ خود ساری زندگی کرائے کے مکان میں گزار دیتے ہیں۔ ڈی ایچ اے میں لیا ہوا ہے پلاٹ۔ ذرہ سمندر خشک ہو جائے گا تو بنائیں گے کہ ابھی development نہیں ہوئی ابھی یہ نہیں ہوا، وہ نہیں ہوا ساری زندگی خود کرائے کے مکانوں میں رُل جاؤ، بڑی زمینیں ہیں پیچھے، نہیں ''ابھی ریٹ بڑھ جائے گا پھر موج ہو گی۔'' اے خدا کے بندوں! کوئی قیامت تک بیٹھے رہنا ہے اِدھر جو اللہ نے نعمتیں دی ہیں ان کو utilize کرو۔ پھر مقولہ ہے کہ

**Contentment is wealth.**

**''قناعت سب سے بڑی دولت ہے۔''**

اللہ نے اس کو سارا کچھ دیا ہوا ہے ان نعمتوں کا شکر نہیں کرتا اور خیالی نعمتوں کے پیچھے بھاگ رہا ہے۔

**اِسی لیے سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:**

اَلدُّنۡیَا جِیۡفَةٌ وَ طَالِبُهَا کِلَابٌ

**یہ دنیا ایک مردار کی طرح ہے اور اس کے پیچھے بھاگنے والے کُتے ہیں۔**

تو یہ ساری آرزوئیں دل میں آتی ہیں گندی خواہشات جب حرص طمع، اور لالچ کا مرکز دل ہے۔ صوفیا کہتے ہیں اِس دل کو پاک کرو، صاف کرو، نیک خواہشات پیدا ہوں کہ میں نیک زیادہ ہو جاؤں، میں قرآن زیادہ یاد کرلوں، میری پانچ نمازیں

(الحشر: 9)

**''اور وہ دوسروں کو اپنے اُوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ خود کتنے ہی ضرورت مند کیوں نہ ہوں۔''**

تو ہم اگر اسلامی اصولوں کو اللہ اور رسول کے احکامات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے خریدار بھی بنیں اور تاجر بھی دکاندار بھی تو پھر ہر طرف خیر ہی خیر ہے۔

**اینکر**

**طریقت اور تصوف میں ہمیں اِس ضمن میں کیا رہنمائی ملتی ہے؟**

**مہمان**

گوتم بدھ جس کا اصل نام ستیارتھ پرکاش تھا وہ محل کی پُرسکون زندگی سے محفوظ ہو رہا تھا کہ اچانک اُس نے محل کے اُوپر ایک سادھو کو دیکھا جو ٹنڈ (گنجا سر) کروائے لڈھیاں (بھنگڑے) ڈالتا ہوا جا رہا ہے جیسے کوئی فکر فاقہ ہی نہ ہو سادہ سا لباس زیب تن ہے۔ گوتم بدھ کو بڑا تجسس ہوا کہ اس کی خوشی کا سبب پوچھوں کہ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اس نے خواہشات کو اسیر کر لیا ہے تو اُس کے دل میں ایسی خوشی اور بےفکری حاصل کرنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ دنیا اس کو گوتم بدھ کے نام سے یاد کرتی ہے شہنشاہ تھا شہنشاہ کا بیٹا تھا وسیع سلطنت تھی لیکن سارا کچھ ہونے کے باوجود پریشان تھا، دل میں چین نہیں تھا اطمینانِ قلب نہیں تھا بادشاہت بھی ہے، راج دھانی بھی ہے، خوبصورت ترین بیوی بھی ہے، تمام ظاہری سہولیات عیش و آرام میسّر ہے۔ جیسے انگریزی میں کہتے ہیں۔

**Eat, drink and be merry.**

**''کھاؤ پیئو موج کرو۔''**

فارسی کا محاورہ ہے:

**''بابر بہ عیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست۔''**

عیش و عشرت کے سارے لوازمات ہیں لیکن سادھو کے پاؤں میں جوتا بھی کوئی نہیں۔ بابر خوب موج مستی کر لو۔ دنیا میں دوبارہ نہیں آنا ہے۔ سر کے بال بھی کوئی نہیں صاف۔ ہے ٹینڈ کروائی ہے لیکن لڈیاں ڈالتا ہوا جا رہا ہے ایسا خوش ہے جیسے دنیا کا کوئی اسکو غم ہے ہی نہیں۔ اُس کو بڑا تجسس ہوا مجھے دنیا کی ہر نعمت میسّر ہے میں پھر بھی پریشان ہوں، نڈھال ہوں، نہ آزادی سے باہر جا سکتا ہوں، نہ گھوم پھر سکتا ہوں، نہ مجھے سکونِ قلب ہے، نہ مجھے آزادی ہے۔ وہ کسی نہ کسی طرح اُس سادھو سے ملنا چاہتا تھا خاموشی سے اپنے محل سے نکلا۔ سادھو کو ملا اُس کی رام کہانی اور خوشی کی وجہ معلوم کی۔ تو اُسے پتہ چلا کہ ہماری **پریشانیاں کا اصل سبب غیر ضروری خواہشات** ہیں جو ہم نے اپنے دماغ میں پالی ہوئی ہیں ہم اپنے دل میں پوجا پاٹ کرتے رہتے ہیں اگر ان خواہشات کو محدود کر دیا جائے۔ جو انسان کو زندہ رہنے کیلئے ضروری ہیں وہ کھاتا ہے زندہ رہنے کیلئے، یہ نہیں کہ کھانے کیلئے زندہ ہے، وہ پہنتا ہے ستر ڈھانپنے کیلئے۔ اتنا طلب کرتا ہے جس سے زندگی کا نظام چلتا رہے۔ یہ نہیں کہ سب سے بڑا شہنشاہ بن جاؤں حضور ﷺ نے فرمایا۔

كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيبٌ أَوْ عَابِرُ السَّبِيلِ O

(حدیث صحیح البخاری:6416)

**''ایسے رہ دنیا میں جیسے کوئی مسکین ہوتا ہے یا کوئی مسافر ہوتا ہے''۔**

**سرکار ﷺ نے فرمایا:**

**مجھے وہ مومن پسند ہے جس کا مختصر نظامِ زندگی ہو۔ کچھ وقت**

دوسرے بچارے کو بھی دھوکا دے رہا ہے حالانکہ وہ دھوکا تو اپنے آپ کو دے۔

رہا ہے وہ خود چارسو بیس یا آٹھ سو چالیس کر رہا ہے تو اس لحاظ سے خوفِ خدا پھر جواب دہی کا ڈر اور عقیدہ آخرت مضبوط ہونا ضروری ہے جس کا اللہ پر ایمان کمزور ہے وہی سارے فراڈ ،سارے دھوکے، قتل وغارت ،اور ہر جرم کرتا پھیرتا ہے۔

**سیدنا عثمان غنیؓ فرمایا کرتے تھے:**

''جرم کرنے جا رہے ہو تو ایسی جگہ کرو جہاں اللہ تمہیں نہیں دیکھ رہا۔جرم کرنے لگے ہو ایسی جگہ پر کرو جو اللہ کی زمین نہ ہو۔اُس کی ملکیت نہ ہو۔تمہارے ساتھ اللہ کریم جو ہیں، کراماً کاتبین جو ہیں ہر ہر حرف لکھ رہے ہیں دیکھ رہے ہیں اور اللہ سبحان تعالیٰ نے حساب لینا ہے۔''

الدُّنیا مَزْرَعَۃُ الاٰخِرَۃِ

**''دنیا آخرت کی کھیتی ہے''۔**

**سرکار ﷺ فرماتے ہیں**

''کوئی ابنِ آدم ایک قدم نہیں ہل سکے گا اللہ کی بارگاہ سے جب تک چار چیزوں کے اطمینان بخش جواب نہیں دے گا۔

☆اللہ پوچھے گا تمہیں میں نے زندگی دی تھی انسانیت دی تھی انسان بنایا تو کہاں گزاری؟

☆تمہیں جوانی دی تھی توانائی اور طاقت دی تھی کن کاموں میں گزاری؟

☆ پھر جو مال تو کماتا رہا کن طریقوں سے کمایا ہے؟ (کیا وہ حلال بھی تھے یا نہیں ،تو نے حلال حرام کی تمیز کی یا نہ کی ،تو نے میرے احکامات کو پیش نظر رکھا یا نہ رکھا،لوگوں پر ظلم کیا یا عدل و انصاف کیا)۔

☆جو مال کمایا تو اُسے خرچ کہاں کیا؟

تو گویا انسان کو احساس ہو کہ مجھے کل اللہ کے حضور حاضر ہونا ہے اور اپنے کئے کا حساب کتاب اور ہر سوال کا جواب بھی دینا ہے تو پھر وہ بندہ کسی کو دھوکا نہیں دے گا۔

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ جب وہ دنیا سے گئے تو کروڑوں نہیں عربوں کے حساب سے اُن کی جائیداد پراپرٹی تھی زکوۃ بھی دیتے تھے خرچ بھی کرتے تھے فرماتے تھے میری تجارت کے اصول یہ ہیں کہ

۱) سب سے پہلے میں نے جو اپنی چیز کی خامیاں بیان کرتا ہوں۔

۲) کوئی خوبی نہیں صرف خامی بیان کرتا ہوں۔

۳) پھر میں نہ ادھار لیتا ہوں نہ میں ادھار دیتا ہوں۔

۴) میں نے کبھی ذخیرہ اندوزی نہیں کی کہ اگلے مہینے بیچیں گے جب ذرا ریٹ بڑھ جائے گا۔ایک سال انتظار کرو پھر پلاٹ بھیجیں گے ذرا تھوڑا ٹھہر جاؤ پھر چاول بیچیں گے کبھی نہیں کیا۔

**سرکار ﷺ فرماتے ہیں:**

جو ذخیرہ اندوزی کر کے نفع کماتا ہے وہ اگر مفت بھی سارا کچھ تقسیم کر دے تو وہ عذابِ الہیٰ سے نہیں بچ سکتا تو تصورِ آخرت ہو تو پھر خیر خواہی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

خَیرُ النّاسِ مَنۡ یَنۡفَعُ النَّاسِO (کنز العمال: حدیث 44147)

**''لوگوں میں بہتر وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ نفع دے۔''**

مومن کی تو شان یہ ہے۔

وَیُؤۡثِرُونَ عَلَیٰٓ أَنفُسِهِمۡ وَلَوۡ كَانَ بِهِمۡ خَصَاصَةٌ

اِس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ہے۔تو سب سے پہلی ضرورت علم حاصل کرنا ہے کہ ہمیں اللہ کے احکامات کا پتہ ہو وہ جو طویل ترین آیت ہے اُس میں خریدار کے بھی سارے حقوق بیان کیے اُس میں فروخت کار کے بھی سارے حقوق بیان کیے اور طریقہ خرید و فروخت (Mode of Transaction) بھی ہے اُس کی بڑی تفصیل سے وضاحت کی کہ تم لکھت پڑت کرو۔ لکھنے پڑھنے پر وائیٹ پیپر (White Paper) پر اکتفا نہ کرو بلکہ اپنے اُس لین دین پر کوئی گواہ بھی بنا لو خاص طور پر اُس صورت میں جب کوئی مدّت (Duration) وغیرہ شامل ہے اگر دست بہ دست ہے تو ٹھیک ہے پیسے دیئے اور چیز آپ نے لے لی لیکن جس میں کوئی میعاد ہوتی ہے اُس کو باقاعدہ لکھا جائے پھر کاتب کو علیحدہ ہدایت کی کہ کوئی لکھنے سے انکار نہ کرے اگر کسی کو لکھنا نہیں آتا پھر گواہوں کو علیحدہ ہدایات دی ہیں۔

اگر تمہیں گواہی کیلئے بولا یا جائے تو تم پر ضروری ہے کہ تم گواہی کو نہ چھپاؤ اور دونوں پارٹیوں کو بھی کہا کہ گواہ کو بھی بے جا تنگ نہ کریں اُس کے اندر شر پیدا نہ کریں۔

وَلَاتَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ (البقرہ: 238)

**''اور جو کوئی گواہی چھپائے گا تو یقیناً اُس کا دل گنہگار ہے۔''**

حضور ﷺ کا ایک اُصول ہے بلکہ تجارت میں بھی یہی اُصول چلتا ہے۔

لا ضَرَرَ و لا ضِرَارَ (سنن ابن ماجہ: 2340)

**نہ تم کسی کو ضرر دو نہ کوئی تمہیں ضرر دے۔**

تم جیو اور جینے دو۔

تم تجارت کرو اور تجارت کے نظام کو آگے بڑھنے دو۔ اِس کیلئے اسلامی تعلیمات میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے کا حکم ہے جس کی بنیاد خوفِ خدا ہے۔

رَأْسُ الحِكْمةِ مَخافةُ اللهِ (البقرۃ: 269)

حضور ﷺ نے فرمایا:

**دانائی کی سب سے بڑی چوٹی خوفِ خدا ہے۔**

جب تک انسان کے دل میں خوفِ خدا نہیں ہوگا لوگ اِس کی سادہ لوحی سے فائدہ اٹھتے رہیں گے وہ بچارہ اتنا سمجھدار نہیں ہے تو اِس کی معلومات (انفارمیشن) کی کمی کی وجہ سے میں اسکو (Cheat) کرینگے اِس سے بچنا ضروری ہے بیشک وہ نہیں دیکھ رہا لیکن اللہ تو دیکھ رہا ہے۔

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ O (البقرۃ: 2)

**ترجمہ: ''وہ اللہ اور اہلِ ایمان کو دھوکہ دیتے ہیں مگر وہ تو اپنے آپ کو دھوکہ دیتے ہیں اور وہ بے شعور ہیں''**

وہ دھوکے باز سمجھتا ہے کہ اللہ تو دیکھ ہی نہیں رہا وہ تو شاید کائنات بنا کر نعوذ باللہ کہیں سو گیا ہے۔ اُس نے نہ کوئی حساب کتاب لینا ہے نہ لکھنا ہے۔ ایسا ہرگز نہیں ہے فرمایا

''کوئی انسان کبھی اکیلا نہیں ہوتا کیونکہ دوسرا میں ہوتا ہوں تم دو نہیں ہوتے تیسرا میں ہوتا ہوں اِس لیے نہ تھوڑے نہ زیادہ ہر وقت میں تمہارے ساتھ ہوتا ہوں۔''

وَنَحْنُ أَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ (ق: 16)

**''میں تمہاری شاہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہوں''۔**

جب یہ احساس ہوگا تو گویا کہ وہ اللہ کو بھی دھوکا دے رہا ہے اور

کمائی کرنا چاہتا ہے دوسرزیادہ اسودالینا چاہتا ہے تو اِس بنا پر ان دونوں کے حقوق اور مفادات ان میں توازن قائم رکھنا اور اُن کو صحیح طریقے سے نبھانا شرعی ضرورت بھی ہے اور تجارتی ضرورت بھی، قانونی ضرورت بھی پوری ہوتی ہے۔

انسان شرعی طور پر بھی مجرم نہ بنے اور گنہگار نہ بنے اور قانونی اعتبار سے بھی اپنی سمت (side) کو محفوظ رکھ سکے۔

تو اس لین دین میں سارا کچھ ہی شامل ہے اجناس بھی، زراعت بھی، کوئی کھیتی باڑی کرتا ہے کوئی پھل اُگاتا ہے کوئی سبزیاں اُگاتا ہے کوئی مشینیری تیار کرتا ہے کوئی انھی چیزوں کی ترسیل کرتا ہے کوئی مہارتیں سیل (sale) کرتا ہے کسی کے پاس تدریسی مہارت (Teaching Skill) ہے کوئی ایک اچھا بینکر ہے دوسرا اچھا انجینئر ہے ایک اچھا مکینک ہے یا کارپینٹر (carpenter) ہے یا دیگر شعبہ جات جتنے بھی اِس میں پیشے ) پروفیشن ) ہیں سارے کے سارے شامل ہیں تو ہر بندہ اِس میں ملوث (Involve) ہے ایک اعتبار سے دیکھا جائے تو قرآن پاک میں اللہ کریم نے فرمایا۔

وَمَامِنْ دَآبَّةٍفِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا (ھود:6)

**دنیا میں کوئی چلنے والی شے ایسی نہیں جسکو روزی دینا اللہ کی ذمے داری میں نہ ہو اِسی لیے اُسکو رب کہتے ہیں یعنی پالن ہار۔**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (الفاتحہ:1)

سب تعریف اُس کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔

تو اس اعتبار سے ہمیں لینے اور دینے میں بھی اللہ تعالیٰ کی ہدایت اور رہنمائی کو ساتھ لے کر چلنا ہے لینے اور دینے میں جو طریقہ کار ہے وہ غیر شرعی اور غیر قانونی نہیں ہونا چاہئے اُس میں منشیات نہ ہوں اُس میں کوئی جبر نہ ہو اُس میں کوئی چوری ڈاکہ نہ ہو اُس میں کوئی ناپ تول میں کمی نہ ہو۔

**اللہ تعالیٰ کلام پاک میں فرماتا ہے:**

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَ لَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ۔ (الرحمٰن:9)

تم ناپ تول میں کمی نہ کرو، لوگوں کو نقصان نہ دو۔

ایسے لوگوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے سخت وعید سنائی ہے جو اللہ کے بتائے ہوئے اصولوں کے خلاف تجارت کرتے ہیں لین اور دین کرتے ہیں۔

**اینکر:**

**تاجر اور خریدار میں کس طرح خوشگوار اور عدل و انصاف پر مبنی تعلقات استوار کیے جاسکتے ہیں؟**

**مہمان:**

تاجر اور خریدار دنوں متضاد مفادات (cross-purposes) پر ہوتے ہیں وہ بھی اپنا مفاد عزیز رکھتا ہے بیچنے والا بھی اپنا مفاد عزیز رکھتا ہے تو اسلام بالکل نہیں چاہتا کوئی ایک دوسرے کیساتھ فراڈ (Fraud)، دھوکہ کرے، کوئی ظلم کرے، دھوکہ دہی کرے بلکہ جو سب سے لمبی اور طویل ترین قرآن پاک کی آیت ہے وہ ہے ہی بیع اور شرٰی کے بارے میں۔ خرید و فروخت کے حوالے سے ہے اور اتنی شرح و بسط کیساتھ اللہ کریم نے ایک ایک نقطے پر توجہ دلائی ہے کہ خدا کیلئے ان اُصولوں کیساتھ چلو تاکہ معاشی و معاشرتی استحکام ہو۔

ابھی میرے دوست بتا رہے تھے کہ ایک دوسرے کو الّو بنانے والے، بے وقوف بنانے والے کو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ناپسند کیا ہے

(صُبح عظیم)

# تاجر اور خریدار کے حقوق

## محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فِل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر) مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ و ثقافت)

**اینکر:**

**تاجر اور خریدار کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں اور اِس ضمن میں کیا کیا امور شامل ہیں؟**

**مہمان:**

آج کا موضوع بہت اہم ترین ہے اِس اعتبار سے ہر انسان مرد ہو یا عورت ہو چھوٹا ہو یا بڑا وہ کسی نہ کسی طرح خرید و فروخت کے مرحلوں سے گزرتا رہتا ہے چیزوں کی خرید و فروخت کرتا ہے کوئی اپنی خدمات کو فروخت کرتا ہے کوئی اُن کو (hire) کرتا ہے تو اسلامی نقطہ نظر سے اِس روزمرہ کی (activity) سرگرمی کو دیکھنا یہ وقت کی اہم ضرورت ہے بلکہ اِس پر تو اب حکومتی سطح پر بھی باقاعدہ خریدار کے حقوق کے حوالے سے باقاعدہ قانون سازی بھی کی گئی ہے.

آمریت (Martial law) کے اندر بھی یہ ساری چیزیں تفصیل سے لکھی جاتی ہیں تاجر کا لفظ تجارت سے نکلا ہے اور یہ قرآن پاک کی اصطلاح ہے۔

اللہ تعالیٰ سورۃ البقرہ میں ایک جگہ فرماتے ہیں۔

فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ (البقرة:16)

**''بس انکو انکی تجارت نے نفع نہ دیا کیونکہ وہ ہدایت یافتہ نہیں تھے۔''**

یعنی ان میں عقل اور شعور نہیں تھا جو تجارت کے اصول اور ضابطے ہوتے ہیں ان سے وہ آگاہ نہیں تھے لہذا گھاٹے میں چلے گئے۔گھاٹا کھایا انہوں نے۔لہذا تجارت کے اصول اور ضابطے جس کو لین دین (Give and Take) کہتے ہیں لینا اور دینا کہتے ہیں تو اِس سے آگاہی ایک شرعی ضرورت بھی ہے اور ایک معاشرتی ذمہ داری بھی ہے تو تاجر کی جمع تجّار ہے تاجر اس کو کہتے ہیں جو تجارت کرنے والا ہے۔اس کیلئے سوداگر کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔انگلش میں بزنس مین ہے traders ہے سامانِ تجارت (Merchandise) لینے دینے والی اشیاء ہوتی ہیں تو اُس کے الٹ خریدار ہے ایک (Seller) ہے اور دوسرا (Buyer) ہے ایک دکاندار (Shopkeeper) ہے دوسرا خریدار (Purchaser) ہے یا اُس کا گاہک client ہے خریدار یعنی جو چیز اُس کے لینے اور دینے کو تبادلے میں مصروف ہوتا ہے انگریزی کا محاورہ ہے۔

**"Seller and buyers are always at cross purposes."**

یہ دونوں مفادات کے اعتبار سے متضاد ہوتے ہیں ایک زیادہ

مشینوں کی غلامی کے خلاف ہماری جبلی بغاوت نے ایک بہت ہی بدقسمت موڑ لیا ہے جب سے انسان نے سماج میں رہنا شروع کیا ہے، جنگ جبلی طور پر ہمارے ساتھ ساتھ رہی ہے مگر ماضی میں نہ تو اس میں اتنی شدت تھی اور نہ ہی اس کے اثرات اتنے زہریلے تھے۔ مشینیں غیر محسوس طریقے پر انسانی فطرت کے برجستہ اور نراجی پہلوں کی غذا چھین لیتی ہیں جس کے نتیجے میں ایک مخفی عدم قناعت اور بے اطمینانی پیدا ہو جاتی ہے لیکن اس تمام تر صورتحال سے نمٹنے کے لیے مشینوں کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔ مشینوں سے متعلق تمام برائیوں سے نمٹنے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ ہم اس یکسانیت میں وقفے پیدا کریں اور ان وقفوں کے دوران واقعاتی اور مہم جو قسم کی چیزوں کا انتظام کریں۔ مشینوں نے ہمارا طریقہ زندگی تو بدلا مگر ہماری فطرت نہیں بدلی نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارے اور مشینوں کے درمیان ایک طرح کی عدم مطابقت اور عدم آہنگی پیدا ہو چکی ہے۔ جذبات اور جبلت کی نفسیات ابھی ابتدائی مراحل میں ہیں مشینیں برجستگی اور بے ساختگی کو بالکل ختم کر دیتی ہیں۔ اس لیے واحد چیز جو فراہم کی جا سکتی ہے وہ ہیں مواقع ان مواقعوں کا استعمال فرض کے تقدم پر چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ انسان کی فطرت اور اس کی شخصیت کو سمجھنا انسانی زندگی میں کسی بھی قسم کی بہتری پیدا کرنے کی مخلص کوشش کی بنیاد ہونی چاہیے۔ جب سائنس انسانی فطرت کو سمجھ جائے گی تو وہ ہماری زندگی میں وہ خوشیاں لے کر آئے گی جو مشینیں اور طبعی سائنس لانے میں ناکام رہی ہیں۔

## ایک خوبصورت بات

انسان کے کچھ دوست پتوں جیسے ہوتے ہیں بظاہر خوشنما لگنے والے یہ پتے اپنی خوراک اسی درخت سے چوس رہے ہوتے ہیں اور جیسے ہی سخت موسم آتا ہے وہ سب سے پہلے جھڑ جاتے ہیں۔

کچھ دوست شاخوں کی طرح ہوتے ہیں وہ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ تمہارے ساتھ رہیں گے۔ یہ شاخیں درخت سے ساری توانائی اور خوراک لے کر جب پھیلنے لگتے ہیں تو سمجھتے ہیں کہ یہ درخت کا قد اور شان بڑھا رہے ہیں حالانکہ یہ صرف خود کو بڑھا رہے ہوتے ہیں۔ یہ موسم کی سختی برداشت کر لیتے ہیں مگر کوئی دوسرا آ کے ان پہ دباؤ ڈالے تو اس کا وزن نہیں سہہ سکتے اور ٹوٹ کے گر جاتے ہیں ایسی کمزور شاخیں بھی ان خوشنما پتوں کی طرح بے کار ہوتی ہیں

تیسری قسم کے دوست جڑوں کی طرح ہوتے ہیں وہ تمہارے قدم مضبوط کرتے ہیں۔ موسم کی تبدیلی یا لوگوں کی باتیں کوئی بھی ان پہ اثر نہیں کرتی۔ وہ تمہیں تمہاری زمین سے جوڑے رکھتے ہیں۔ ان کو کوئی نمود و نمائش یا تعریف نہیں چاہیے ہوتی۔ وہ تم سے کوئی فائدے نہیں لیتے۔ وہ بس تمہیں گرنے سے بچانے کے لئے وہاں موجود ہوتے ہیں۔ آپ کو یہ ڈیسائڈ کرنا ہے کہ تمہارے کون سے دوست پتے ہیں کون شاخ اور کون تمہاری جڑ۔

زندگی اور خوشی اس تمام صورتحال سے مختلف بھی ہو سکتی ہے اور کچھ معاشروں میں رہی بھی ہے اشرافیہ کے دور میں لوگوں کی عزت ان کے خاندان اور نسل کی بنیادوں پر کی جاتی تھی۔ پیرس کے کچھ حلقوں میں لوگوں کی عزت ان کے فنونی اور ادبی علم اور صلاحیتوں کی وجہ سے ہوتی ہے اور ماضی میں بھی ایسا رہا ہے مثلا ہندوستان میں صوفیوں کے عزت کی جاتی تھی اور چین میں عقلمندوں کی، قدیم ایتھنز میں فلسفیوں کی۔ مختلف معاشروں میں یہ فرق ہماری بات کی توثیق و تائید کرتا ہے کہ پیسے کی خواہش دراصل عزت اور توصیف کی خواہش میں پنہاں ہے کیونکہ ان معاشروں کے زیادہ تر لوگ زندگی کی بنیادی ضروریات کے علاوہ پیسے کی پرواہ نہیں کرتے مگر ان چیزوں کے آرزومند ہوتے ہیں جن کی ان کے معاشرے میں عزت کی جاتی ہے اور ظاہر ہے فی زمانہ عزت کا معیار مشینیں ہیں۔ جس کے پاس زیادہ جدید اور عمدہ مشین ہوگی وہ سماج میں زیادہ معتبر اور باعزت سمجھا جائے گا۔

اگر قانوناً ہم سب کی آمدنی ایک ہو جائے اور پھر ہم اپنے پڑوسی سے اپنے آپ کو ممیز کرنے کے اور طریقے ڈھونڈیں گے اور یہ دنیاوی اور مادی اشیا کے حصول کی دوڑ ختم ہو جائے گی کیونکہ دنیا میں رہنے کے لیے اجتماعیت بہت اہم چیز ہے جو کہ مشین کی وجہ سے ختم ہو رہی ہے۔ مشین ایک شے ہے اور شے کا تعلق فرد واحد سے ہوتا ہے مثلاً موبائل فون ہی کو لے لیجئے موبائل فون سے پہلے کا زمانہ دیکھیے اور اب کا دیکھیے گو کہ یہ کہا جاتا ہے موبائل فون نے پوری دنیا کو سکیڑ دیا ہے دنیا کو گلوبل ولج بنا دیا ہے اور دنیا کے ایک کونے میں رہنے والا آدمی دنیا سے دوسرے کونے میں رہنے والے آدمی سے محض ایک بٹن کے فاصلے پر ہے لیکن ایک ہی گھر میں رہنے والے افراد ایک دوسرے سے بہت دور ہو چکے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے۔

لہذا اگر ہم یہ استدلال کریں کہ مشینوں سے خوشی میں اضافہ ہوتا ہے کیونکہ مشین نے مادی ترقی میں مدد دیتی ہیں تو یہ استدلال سوائے مفلسوں کی بنیادی ضروریات کی فراہمی کے کہیں اور لاگو نہیں ہو پائے گا اور اگر آبادی میں اضافہ نہ ہو تو یہ بنیادی ضروریات بغیر ان مشینوں کے بھی پوری کی جا سکتی ہیں اس سلسلے میں فرانس کی مثال دی جا سکتی ہے جس میں مفلسی کم ہے اور امریکہ برطانیہ اور جنگ سے پہلے کے جرمنی کے مقابلے میں مشینیں بھی بہت کم ہیں لہذا جہاں زیادہ مشینیں ہوں گی وہاں مفلسی بھی زیادہ ہو گی۔ مفلسی سے بچا مشینوں میں نہیں بلکہ کچھ اور چیزوں میں مضمر ہے جیسے آبادی کے بڑھا کا سدباب اور سیاسی حالات۔ مشینیں ہمیں انسانی خوشی کے دو اہم اجزا سے محروم کرتی ہیں یعنی بے ساختگی اور تنوع۔ مشینوں کی اپنی رفتار ہوتی ہے اور اپنی تاکیدی اور تکراری ضرورتیں ہوتی ہیں۔ جذبات کے نقطہ نظر سے مشینوں کے ساتھ ایک بڑا مسئلہ ان کی باقاعدگی اور باضابتگی ہے اور اسی طرح مشینوں کی طرف سے جذبات پر سب سے بڑا الزام ان کی بے ضابطگی اور بے قاعدگی ہے جو لوگ اپنے کو سنجیدہ سمجھتے ہیں ان کے دماغ پر لہذا وہ کسی کی سب سے بڑی اچھائی یا خوبی اس میں سمجھتے ہیں کہ اس میں مشینی خصوصیات ہوں یعنی کہ وہ قابل اعتبار ہو، وقت کا پابند ہو اور غلطی یا نقائص سے پاک ہو اسی وجہ سے ایک بے قاعدہ زندگی کو بری زندگی تصور کیا جاتا ہے۔ فکر کے برعکس عملی زندگی میں

احساسِ مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

مشرقی تہذیب ہر حوالوں سے ایک منفرد، قدیم اور انوکھے لوازمات لیے ہوئے تھی جن میں اس کا رہن سہن، بود و باش رسوم و رواج، ثقافتی لوازمات مثلاً آرٹ، موسیقی رقص، شاعری وغیرہ شامل ہیں لیکن جیسے ہی یہ ٹیکنالوجی کے دور میں داخل ہوتی ہے تو اپنے کچھ حوالوں سے دستبردار ہوتی دکھائی دیتی ہے انہی حوالوں کا تذکرہ حکیم الامت کے اس شعر میں ملتا ہے۔ کیا آلات یا مشینیں واقعی احساس کو کچل دیتی ہیں؟ یا جذبات کو ختم کر دیتی ہیں؟ یہ سوال بہت اہم ہے. جوں جوں مشینوں کی حکومت بڑھتی جا رہی ہے اس سوال کی اہمیت بھی بڑھتی جا رہی ہے. بادی النظر میں یہ بات واضح نہیں ہوتی کہ اس سوال کے اٹھانے کی ضرورت کیا ہے یعنی کہ مشینوں اور جذبات میں کوئی بھی تضاد کیوں ہوگا۔ جاپانی لوگ جن کے ہاں فنونی فوقیت اور برتری کی پرانی روایت چلی آ رہی ہے مغرب کے میکانکی طریقوں کو دیکھتے ہی فوراً ان کی نقل کرنا چاہتے ہیں۔

انیسویں صدی خود کو مشینی ترقی کی وجہ سے پچھلی صدیوں سے برتر سمجھتی ہے۔ جو لوگ مشینوں کی پرستش کرتے ہیں ان کے لیے اس کی وجہ ان مشینوں کی خوبصورتی ہے۔ مشینوں کی قدر و قیمت ان کی طاقت میں پنہاں ہے، جو لوگ مشینوں سے متنفر ہیں ان کو یہ مشینیں بدہیبت لگتی ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ مشینیں غلامی پیدا کرتی ہیں۔ یہ سمجھنا غلط ہوگا کہ ان میں سے کوئی ایک صحیح ہے اور دوسرا غلط۔ مشین الف لیلہ کے جن کی طرح ہے جو اپنے آقا کے لیے خوبصورت، رحم دل اور نیک ہے مگر دشمنوں کے لیے بھیانک اور ڈراونی۔ مشین نے جہاں انسانی محنت کو بہت زیادہ کم کر کے سہولت مہیا کی ہیں وہیں پر سماج سے اجتماعیت کا احساس بھی کم کر دیا ہے۔

انسانوں کی طبعی ضروریات بھی ہوتی ہیں اور جذبات بھی ہوتے ہیں جب تک طبعی ضروریات پوری نہیں ہوتی وہ پہلے نمبر پر ہی رہتی ہیں مگر جب وہ پوری ہو جاتی ہیں تو پھر ہماری خوشی یا نہ خوشی کا تعین کرنے میں وہ جذبات اہم کردار ادا کرتے ہیں جن کا ان طبعی احتیاجات سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ مشین کا تعلق خوشی سے بھی جوڑا جا سکتا ہے خوشی کا تعلق حاجات سے اور حاجات پوری کرنے کے لیے پہلی ضرورت آمدنی میں اضافہ ہے۔ آخر ہم سب اپنی آمدنی میں اضافہ کیوں کرنا چاہتے ہیں؟ ہو سکتا ہے کہ پہلی نظر میں ایسا محسوس ہو کہ ہم مادی اور دنیاوی اشیا کو پسند کرتے ہیں مگر ایسا نہیں ہے دراصل ہم صرف اپنے پڑوسی کو مرعوب کرنے کے لیے ایسا کرتے ہیں جب کوئی کسی اچھے محلے کے نئے گھر میں منتقل ہوتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کی کلاس بدل گئی اور اب زیادہ بہتر لوگ اس کے گھر آئیں گے اور وہ اپنے پرانے زمانے کے ناکام اور ناآسودہ ساتھیوں سے دور ہو جائے گا . جب وہ اپنے بچے کو کسی اچھے سکول یا کسی مہنگی یونیورسٹی میں بھیجتا ہے تو اس کی بھاری فیس کے بارے میں خود کو یہ کہہ کر دلاسہ دیتا ہے کہ اس طرح اس نے سماج میں نیک نامی اور مقبولیت حاصل کی ہے , جیسے کچھ گھر صرف اس وجہ سے مہنگے ہوتے ہیں کہ وہ ایک مہنگے محلے میں ہیں۔ انسانی آرزوں اور خواہشات میں سب سے زیادہ طاقتور خواہش یا آرزو تعظیم و توصیف کی ہے اور یہ دونوں چیزیں ان کو مل رہی ہیں جو امیر ہیں اور فی زمانہ عمارت کا تعلق مشین سے ہے۔

وینس تو جغرافیائی حالات تہذیب کی ترقی میں مدد کرتے ہیں، اگر چہ اس کی تخلیق نہیں کر سکتے۔ ایک عربی بدو جیسا خانہ بدوش بہت زیادہ ذہین اور طاقتور ہو سکتا ہے وہ کردار کی اعلیٰ خوبیوں جرات فیاضی اور نیکی کا مظاہرہ کر سکتا ہے لیکن کلچر کی لازمی شرط غذا کی مسلسل فراہمی کے بغیر اس کی ذہانت شکار کے خطرات اور تجارت کی چالاکیوں میں ضائع ہو جائے گی اور تمدن کی تزین و زیبائش تہذیب وتسلیمات اور فنون و آسائش کے لیے کچھ بھی باقی نہ بچے گا۔

کلچر کی پہلی شکل زراعت ہے اس کا ظہور اس وقت ہوتا ہے جب انسان زمین کاشت کرنے کے لیے ایک جگہ ٹھہر جاتا ہے اور غیر یقینی مستقبل کے لیے اشیا بچا کر رکھ لیتا ہے تحفظ کے اس چھوٹے سے دائرے میں پانی اور غذا کی معقول معقول فراہمی کے سبب وہ اپنے جھونپڑے، عبادت گاہ، سکول اور پیداواری آلات وغیرہ ایجاد کرتا ہے اور کتے، گدھے، گھوڑے اور آخر میں اپنے آپ کو سدھارتا ہے۔ وہ نظم وضبط اور باقاعدگی سے کام کرنا سیکھ جاتا ہے زیادہ طویل عرصے تک زندہ رہتا ہے اور اپنی نسل کے ذہنی اور اخلاقی ورثے کو پہلے سے زیادہ بھرپور انداز میں اگلی نسل تک منتقل کرتا ہے۔ یہاں پر یہ بات بہت اہم ہے کہ کلچر زراعت کا تقاضا کرتا ہے جبکہ تہذیب شہر کا۔ ایک پہلو سے تہذیب شائستگی کا لباس ہے اور شائستگی وہ نفاست ہے جو شہر میں بسنے والوں نے صرف شہر ہی میں ممکن سمجھی کیونکہ دولت اور ذہانت جو دیہی علاقوں میں پیدا ہوتی ہیں، شہر میں جمع ہو جاتی ہیں۔

شہروں میں ایجادات اور صنعت، سہولیات، تعیش اور فراغت کو بہت بڑھا دیتی ہیں شہروں میں تاجر ملتے اور اشیا اور خیالات کے تبادلے کرتے ہیں۔ تجارت کے ان مقامات پر ذہن ایک دوسرے کے اثرات قبول کرتے ہیں ذہانت تیز ہوتی ہے اور تخلیقی قوت میں ڈھل جاتی ہے۔ شہروں میں کچھ لوگ مادی کاروبار سے علیحدہ ہو کر سائنس، فلسفہ، ادب اور آرٹ تخلیق کرتے ہیں۔ تہذیب کسانوں کے جھونپڑوں سے شروع ہوتی ہے لیکن اس کی افزائش شہروں میں ہوتی ہے۔ مثلا انگریزوں نے انگریزی تہذیب کو تخلیق نہیں کیا بلکہ اس تہذیب نے ان کو تخلیق کیا۔ اگر وہ اسے اپنے ساتھ ساتھ لیے پھرتا ہے اور مخصوص لباس پہن کر کھانا کھاتا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اس وقت ن ء تہذیب تخلیق کر رہا ہے بلکہ وہ اپنی روح پر اس تہذیب کی حکمرانی تسلیم کرتا ہے۔ ایسے ہی مادی حالات کسی اور نسل کے پاس ہوں تو وہ ایسے ہی نتائج پیدا کرے گی۔

انسانی اجتماعی زندگی کی حرکیات نے اس کو مختلف ادوار دکھاتے ہوئے ایجادات کے دور میں داخل کیا اور بیسویں صدی یعنی ٹیکنالوجی کی صدی کی حیرت انگیز دور میں انسان داخل ہوا۔ ٹیکنالوجی میں مختلف آلات کی ایجاد نے جہاں انسان کو بہت زیادہ سہولیات سے ہمکنار کیا اور تعیش بھری زندگی سے نوازا وہیں پر اس ٹیکنالوجی نے کچھ ایسے اثرات بھی مرتب کیے کہ انسان تہذیبی، اخلاقی، معاشی، نفسیاتی، مذہبی، جنسی اور سیاسی حوالے سے نئے رجحانات میں داخل ہوا۔ آج سے تقریبا سو سال پہلے شاعر مشرق حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا ایک شعر کچھ ایسی ہی صورتحال کی عکاسی کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

ہے دل کے لیے موت مشینوں کی حکومت

# تہذیب، ٹیکنالوجی اور احساسات

اقدس ہاشمی
اردو ٹیچر، گولڈ میڈلسٹ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد

تہذیب وہ معاشرتی ترتیب ہے جو ثقافتی تخلیق کو فروغ دیتی ہے۔ تہذیب معاشرے کے طرزِ زندگی اور فکر و احساس کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ چنانچہ زبان، آلات و اوزار، پیداوار کے طریقے، سماجی رشتے، رہن سہن اخلاق و عادات، رسوم و روایات، علم و ادب، حکمت و فلسفہ، عقائد و نظریات، عشق و محبت کے سلوک، فنونِ لطیفہ اور خاندانی تعلقات وغیرہ تہذیب کے مختلف مظاہر ہیں۔ بعض عوامل تہذیب کو متعین کرتے ہیں ان میں سے پہلا عامل ارضیاتی حالات ہیں دوسرے نمبر پر جغرافیائی حالات ہیں جو تہذیب کی ترقی میں مدد و معاون بھی ہو سکتے ہیں اور باعثِ رکاوٹ بھی۔ معاشی حالات زیادہ اہم ہیں کیونکہ اگر انسان اپنے وجود کی بقا کے لیے جانوروں کا پیچھا کرنے پر ہی انحصار کرتا تو بربریت سے تہذیب تک کا سفر کبھی بھی طے نہیں کر سکتا تھا۔

تہذیب کے لیے کوئی نسلی شرائط نہیں۔ یہ کسی بھی براعظم، رنگ اور نسل میں پیدا ہو سکتی ہے۔ کوئی بڑی نسل تہذیب کو پیدا نہیں کرتی بلکہ یہ بڑی تہذیب ہی ہے جو قوموں کو تخلیق کرتی ہے تہذیب کوئی خلقی شے نہیں نہ ہی یہ لازوال ہے، تہذیبیں بنتی اور مٹتی رہتی ہیں ۔ چار عناصر مل کر تہذیب کو متشکل کرتے ہیں، معاشی بہم رسانی، سیاسی تنظیم، اخلاقی روایات اور علوم و فنون کی جستجو۔ تہذیب ابتری اور بدنظمی کے خاتمے سے شروع ہوتی ہے کیونکہ جب خوف پر قابو پا لیا جائے تو تجسس اور تعمیری اپج آزاد ہو جاتے ہیں اور انسان قدرتی طور پر زندگی کی تفہیم و تزین کی طرف بڑھتا ہے۔ تہذیب برفانی ادوار کا درمیانی وقفہ ہے کسی بھی وقت یخ بستگی کی یہ لہر دوبارہ کھڑی ہو کر انسانی کارناموں کو برف سے ڈھانپ کر زندگی کو زمین کے کسی چھوٹے سے ٹکڑے تک محدود کر سکتی ہے یا زلزلے کا دیوتا بے نیازی سے اپنے شانے ہلا کر ہمیں ہمیشہ کے لیے تباہ کر سکتا ہے۔ یہ تو تہذیب کے ابتداء عوامل تھے دیگر عوامل میں جغرافیائی حالات بھی ہیں۔ کاہلی، بیماری، قبل از وقت بلوغت اور موت، زندگی کے ان لوازمات سے جو تہذیب کی تشکیل کرتے ہیں توانائی چھین کر انہیں بھوک اور تولید میں ضم کر دیتی ہیں۔ فنون اور ذہن کے کرنے کو کچھ باقی نہیں رہتا۔ بارش لازمی ہے کیونکہ پانی زندگی کا ذریعہ ہے اور سورج کی روشنی سے زیادہ اہم ہے۔ عناصر کی ناقابل فہم لہر نینوا اور بابل جیسے علاقوں کی توڑ پھوڑ کر سکتی ہے جہاں کبھی بادشاہت اور صنعت ہوتی تھی یا برطانیہ اور بگٹ سانڈ جیسے شہروں کی طاقت اور دولت بڑھانے میں مدد کر سکتی ہے۔ اگر زمین فصلوں اور معدنیات کے لیے زرخیز ہے اگر دریا تبادلے کے آسان ذرائع مہیا کرتے ہیں اور اگر ساحل سمندر تجارتی جہازوں کے لیے قدرتی بندرگاہیں موجود ہیں، اگر کوئی قوم عالمی تجارت کی شاہراہ پر واقع ہے مثلاً ایتھنز، فلورنس یا

ہے وہیں ہمیں ہماری عظیم روایات سے دور اور ہماری مظبوط جڑوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔اس بات میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ ٹیکنالوجی نے انسانی زندگی میں بہت سی سہولیات فراہم کردی ہیں۔دنوں کے کام گھنٹوں میں، گھنٹوں کے کام مِنٹوں میں، اور مِنٹوں کے کام سیکنڈوں میں ہونے لگے ہیں۔فاصلے تو گویا سمٹ کر رہ گئے ہیں رات دن کا فرق ختم ہوگیا ہے۔مواصلات انتہائی برق رفتار ہو گئے ہیں اور اب تو آرٹیفیشل انٹیلی جنس نے انسانی عقل کو دنگ کر کے رکھ دیا ہے مگر یہ سب جدیدیت کیسے اِبنِ ادم کو کھوٹی آسائشوں اور جھوٹے سحر کے فریب کی زنجیروں میں جکڑ رہی ہے۔

جیسا کہ خواجہ میر درد نے فرمایا ہے:

درددل کے واسطے پیدا کیا انسان کو

مگر صد افسوس کہ انسانیت کے اس جذبے کو فراموش کر کے جدید دور کے انسان صرف مفاد پرستی اختیار کر چکے ہیں اور انسانیت کو پس پردہ ڈال کر میکانکی زندگی جی رہے ہیں۔

بے شک گاں کی زندگی میں آسائشیں اور سہولیات اس طرح سے میسر نہیں ہوتی جیسا کہ شہر میں، مگر وہاں کے مٹی میں آج بھی تہذیب و روایات گوندھی ہوئی ہیں اور وہاں کا انسان خود کو اس شجرِ سایہ دار سے پیوستہ کیے ہوئے ہے جو اس کی جڑوں کو مضبوطی عطا کرنے کے ساتھ ساتھ مغرب کی کھوکھلی تہذیب کے وار سے بھی بچاتی ہے۔

آپ کو وہاں وہ تہذیبیں ملیں گی جو صدیوں کے ارتقائی منازل طے کرتی آئی ہیں مگر تیز رفتار ترقی کی چکا چوند نے بہت سے نادان اذہان کو متاثر کیا ہے جس کی بِنا پر وہ اپنی جڑوں سے خود کو جدا کر کے مغربی تہذیب کی جانب دوڑے چلے جا رہے ہیں۔ مگر وہاں کا انسان آج بھی ان اِقدار اور رِوایات کو سِینے سے لگائے ہوئے ہے جو مشرقی معاشرے کی بنیادی اساس ہیں۔

تو پھر کیوں نہ سکھ کی اس چھاں کا رخ کیا جائے اور لوٹ کر اس جنت کو اپنایا جائے جہاں سکھ چین کی گھنی چھاں، وہ کچی سڑک، ماں کی دعائیں اور یاروں کی بے لوث محبتیں راہ تکتی ہیں۔اور ان سب گتھیوں کو سلجھایا جائے جو الجھ چکی ہیں۔زندگی کو آسان اور سادہ بنایا جائے جو کہ اس کا اصل حق ہے۔

## احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**حضرت ابو ہریرہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دوسرے کا غصہ ختم کرتا ہے، اللہ تعالی اُس کی نرمیوں میں رہمت بھر دیتا ہے اور اُس کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔

**حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کا بھلا چاہتا ہے، اللہ تعالی اُس پر رحمت بھر دیتا ہے اور جو اپنی مسکنیں چھپا لیتا ہے، اللہ تعالی اُس کی مسکنیں چھپا دیتا ہے۔

**حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص راتوں میں نمازیں قائم رکھتا ہے اور دنوں ہاتھ میں سے چھپکے چھپکے خیرات دیتا ہے، اُس کا دل نورانی ہوتا ہے، جیسے چاند کی راتیں نورانی ہوتی ہیں۔

# سُکھ کی چھاں میں

## حویرث مغل، کالم نگار

سیر و تفریح انسان کی طبیعت کو نہ صرف تازگی بلکہ ایک نئی جہت عطا کرتی ہے۔ انسانی فطرت ہے کہ وہ بدلاؤ چاہتا ہے۔ ایک جیسے ماحول سے کچھ وقت کے بعد اکتا جاتا ہے۔ ایسے میں یہ صحیح وقت ہوتا ہے کہ اس ماحول سے نکل کر کچھ نیا دیکھنے کو نکل جائے اور قدرت کے حسن کو سراہا جائے۔

کچھ عرصہ قبل میرا سفر کرنے کا اتفاق ہوا یہ سفر ایک ایسی وادی کا تھا جہاں موبائل فون کے سگنلز ملنا دشوار سی چیز تھا۔ جس کی وجہ سے میرا تعلق آن لائن دنیا سے کچھ وقت کے لیے منقطع ہو گیا۔ چنانچہ یہی وجہ بنی کہ میں ایک ایسا وقت گزار سکا جس نے میری سوچ کے تخیل کو ایک نئے نظریے سے آشنا کروایا۔ قدیم تہذیبوں کو اپنے اندر سموئے وہ وادی آج بھی بہت سی ان کہی کہانیاں جو مشہور ہوئیں اور ہم جان پائے، بہت سے کردار جو وقت کی دھول میں گم ہو گئے اور کچھ ایسی لازوال داستانیں جو امر ہو گئیں سنائے جانے کے انتظار میں کسی داستان گو، کی راہ دیکھتی ہیں۔

سب سے پہلے جب میں اپنے اسٹاپ پر اترا تو ایک دل کش منظر کی گرفت نے مجھے کچھ لمحوں کے لیے اپنے اندر سمو لیا وہ چھوٹی سی جھیل، پہاڑ، گنگناتے ہوئے پرندے اور دور افق پر آسمان کے کینوس پر ڈوبتا ہوا سورج گواہی دے رہا تھا کہ میں ایک ایسی دنیا میں قدم رکھ چکا ہوں جو میں چاہ کر بھی وقت کی دھول میں دھندلا نہ پاؤں گا۔ منظر سے کچھ دیر لطف اندوز ہونے کے بعد میں نے اپنے عزیز دوست کو اپنا منتظر پایا اس کا آج بھی وہی خوشی سے لبریز پر جوش اندازِ استقبال تھا کچھ دیر بعد جب ہم گھر کی جانب روانہ ہوئے تو مجھے خیال آیا کہ کیا یہ دوست سے ملنے کی خوشی ہے یا سحر انگیز وادی کا اثر جو طبیعت میں بہار سی بشاشت لے آیا ہے۔

کچھ شب و روز اس وادی میں گزارنے اور وہاں طرزِ زندگی کو جینے کے بعد میں یہ سوچنے پر مجبور تھا کہ یہاں تو زندگی ایک ہلچل اور لامعنویت سے دور بالکل پاک و پر سکون ہے۔ آپ کو لمحوں کو جینے کی فرصت میسر ہے۔ یہاں وہ درخت موجود ہیں جن کی چھاں ٹھنڈی اور محفلیں خلوص سے مزین ہیں۔ تو پھر ہم انسان اپنی جنتوں کو چھوڑ کر کیوں ازل کی روایت کو دہرانے لگتے ہیں اور یہ سب چھوڑ کر شہر کی اذیتوں میں مبتلا ہونے چل پڑتے ہیں۔ جہاں روپ بہروپ کی دھوپ ہے اور بڑی بڑی دیواروں والی عمارتوں کے باوجود سایہ دیوار تک نہیں ملتا۔ جہاں نہ تو سچے رشتے اور نہ ہی خلوص کی روایت عام ہے۔ بلکہ من و سلوی کو ٹھکرا کر مفاد، دولت، اسٹیٹس اور نہ جانے کون کون سے سٹینڈرڈز کی دوڑ اور مقابلوں میں خود کو جھونک رہے ہیں۔ انسان اور انسانیت تو جیسے موجود ہی نہیں۔ جہاں ہر منطق ہی نرالی ہے۔ جہاں انسانوں کو مفاد پرستی کی بنا پر اہمیت دی جاتی ہے۔ لوگ پروفیشنل ہیں، پریکٹیکل ہیں اور حساس ہونا ایک گالی ہے۔

جہاں ٹیکنالوجی اور اسمارٹ فونز نے آسانی اور انقلاب تو برپا کیا

# کبھی غور کیا ہے؟

دُعا افتخار

چلیے موسم گرما کی اس تپتپاتی دھوپ کی گھڑی میں، جس کے دہانے انسان چاہتے ہوئے بھی چہرے کی تیوری ختم نہ کر سکا۔ اور جون جولائی کی شدید گرمی کی لہر میں سڑک کے کنارے اور سرہانے بلکہ کسی بھی جانب بمشکل کوئی ایک آدھ شخص نظر سے ایسا گذرا جو ان گرم تیز دھاروں سے بچ سکا۔ بلکہ ایک تو گرمی اور اوپر سے افراتفری۔ ان دونوں کے ملاپ نے دنیا کا کشمکش سے لپٹا ایسا الجھن بھرا چہرا دکھایا جس کے بارے میں میرا یہ ماننا ہے کہ انسان جتنا اس دوڑ میں مگن ہوتا ہے وہ خود کو اتنا ہی پیچھے محسوس کرتا ہے اور اس سے بڑھ کر اور کیا افسوس کی بات ہے کہ ہم ایک شے کے پیچھے بھاگیں بھی اور بلاخر وہ کچھ دے بھی نہ اور اگر دیکھا جائے تو یہی ایک عمل ہے جس کی وجہ سے ہر فرد اپنی زندگی کو مشکل تر بنا رہا ہے۔ یہی نقشہ اس شعر نے یا خوب کھینچا ہے۔

آیا تھا اس دنیا میں اپنی پہچاں کے لیے انسان
بن گیا ہے اس جہاں میں افراتفری کا سامان (دعا)

اب یہاں پر بات پاکستانی قوم سے نہیں ہو رہی، کیونکہ مجھے یہ لگتا ہے کہ جب بھی ہم اپنی قوم کے اکثر غلط کارناموں کے بارے میں پڑھتے یا سنتے ہیں تو اپنے آپ کو کچھ اس سے الگ سمجھنے لگتے ہیں۔ حالانکہ اگر غور جائے تو ایک مذاق میں بولے جانے والا جھوٹ بھی ملکی، معاشی یا خاندانی پستی میں کوئی کم حیثیت نہیں رکھتا۔ ہائے رے ہم صدقے تمہارے! آخر یہ جھوٹ بھی کس کے لیے دنیا والوں کے لیے۔ لہذا ایسے جھوٹ سے لازمی طور پر بچنا چاہیے کیونکہ فائدہ ہمارا ہی ہے۔

تو میں یہاں اپنے آپ سمیت ہر اس فرد سے مخاطب ہوں جو دنیا کے پیچھے یا تو قوت سے بھاگ رہا ہے یا اس کے پیچھے دوڑ دوڑ کر تھک چکا ہے اور اب مجبورا" چل رہا ہے۔ تو چاہے وہ نوجوان ہوں یا جوان یا پھر والدین۔ کبھی ہم نے یہ غور کیا ہے کہ جہاں معمول سے تھوڑا زیادہ موسم اگر شدت اختیار کر جائے اور ہمیں کسی کام سے یا تو باہر جانا پڑے یا آپ کچن کی ہی مثال لے لیں، ایسے حالات میں کیسی بے بسی والی کیفیت طاری ہوتی ہے پھر روز آخرت ہم کیا کریں گے جب چالیس سال تک سورج ہم سے صرف ایک میل کے فاصلے پر ہوگا اور حدیث میں آتا ہے کہ انسان اپنے گناہوں کے بقدر پسینے میں شرابور ہوگا۔ کوئی ٹخنوں تک، کوئی گھٹنوں تک، کوئی پیشانی تک تو کوئی اپنے ہی پسینے میں غوطے کھا رہے ہوں گے۔ لیکن اللہ تعالی کے حکم سے انھیں موت نہیں آئے گی۔ برعکس یہاں کے، اس دن انسان چاہے گا موت کو۔ کتنا بے بس ہوگا وہ وقت! جبھی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔ اور جن رشتوں کے لیے یا ان کو دکھانے کے لیے کچھ بھی کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں، اس دن وہ ہمارے سامنے ہی ہوں گے لیکن ہم ان کو پوچھ بھی نہیں رہے ہوں گے۔

یہ سب باتیں کس لیے ہیں؟ یہاں تو ہم کسی بھی طرح گرمی دور کر لیتے ہیں پر وہاں شدید گھبراہٹ کے عالم میں کیا کریں گے جب بغیر کسی تفریق کے سبھی کو اس مرحلے سے گزرنا ہوگا۔ یہ حقیقت بصورت سوال آنکھیں کھول دیتی ہے کہ دنیا کی کیا حیثیت ہے۔ چنانچہ اپنا چھوٹے سے چھوٹا عمل بھی کڑی نظر کا مستحق ہے۔ اور اپنے اوپر یا دوسروں پر ظلم کرنے سے پہلے اس مرحلے کو ضرور یاد کرنا چاہیے۔

اختیار کر جائے گا جسکو آپ دیکھ اور چھو سکیں گے۔ پھر اس پر غور و فکر کرنا بھی آسان ہو جائے گا اور اس میں توانائی بھی بڑھ جائے گی۔

اس مقصد کے حصول کے لیے اور کاہلی اور سستی سے بچنے کے لیے آخری تاریخ مقرر کر لیجئے جس سے پہلے آپ اسکو حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ جب کسی چیز کی تکمیل کی تاریخ مقرر کر دی جائے تو اس کے حصول کی تگ و دو کا آغاز اسی لمحے ہو جاتا ہے۔

اپنے مقصد کے حصول کے لیے آپ کو جو کام کرنے پڑیں گے انکی ایک فہرست بنا لیں۔ اس میں وہ چھوٹے چھوٹے عمل ہوں جو آپ روزانہ کی بنیاد پر کریں گے مگر اسکا مجموعہ آپ کو اپنے بڑھے مقصد کی طرف لے جاتا چلا جائے گا۔

آپ اس فہرست کو اس طرح سے ترتیب دیں کہ آپ نے کونسے عمل پہلے کرنے ہیں اور کونسے اس کے بعد۔ اس طرح پہلے کام کا دوسرے کام سے پہلے کرنا کیوں ضروری ہے اور پہلے کام کی تکمیل کا دوسرے کام کے آغاز سے کیا تعلق ہے۔ اس طرح آپ چھوٹے چھوٹے مگر بے حد فائدہ مند عمل ایک بہاؤ کے ساتھ آسانی سے کرتے چلے جایں گے۔

اپنے پلان کا آغاز فوری طور پر کر دیجئے۔ کوئی بھی ایسا چھوٹا موٹا کام کر دیں جس کا تعلق آپکے بڑے مقصد کے ساتھ جڑ رہا ہے۔ اس سے آپکو یہ فائدہ ہو گا کہ آپکے دماغ میں یہ بات بیٹھ جائے گی کہ آپ کے مقصد کا آغاز ہو چکا ہے اور آپ نے اب اس پر کام کرتے چلے جانا ہے۔

اب آپ نے آغاز کر دیا ہے تو رکیں نہیں۔ ہر روز اپنی فہرست کے مطابق کچھ ایسا کرتے چلے جائیں جو آپکو اپنے بڑے مقصد کے قریب تر کرتا چلا جائے۔ جب آپکے چھوٹے چھوٹے وہ کام جو آپکے بڑے مقصد کے ساتھ جڑے ہوں وہ مکمل ہوتے چلے جائیں تو آپکی رفتار بھی بڑھتی چلی جائے گی اور اپنے بڑے مقصد کے حصول کے امکانات بھی. آپ اپنی منزل کو قریب تر آتا دیکھ سکیں گے۔

پہلے باب میں درج ان اصولوں کے علاوہ برائن ٹراسے نے 21 بابوں میں 21 ایسے طریقے بتائے ہیں جن کو سیکھ کر اور ان پر عمل کر کے اپنا مقصد واضح کیا جا سکتا ہے، تاخیر، سستی اور کاہلی سے بچا جا سکتا ہے اور کم وقت میں زیادہ اور بہتر کام کو انجام دیا جا سکتا ہے

"Eat That Frog" کے نام سے انکا یہ کتابچہ آپکو ضرور پڑھنا چاہیے۔

## احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان بھائی کی مشکلات دور کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اُس کی مشکلات دنیا اور آخرت میں دور کرتا ہے۔

**حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے آپ بندوں میں سے بندہ کسی کی توہین ہوئی بات کو چھپانے والے کو دوسرے دنیا میں چھپائی جائے گی۔

# کام میں تاخیر، کاہلی اور الجھن سے کیسے بچنا ہے؟

شعیب خان
لائف سائنسز ریسرچر

اس تیز رفتار اور ہر لمحہ بدلتی دنیا میں لوگوں کے درمیان ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی ایک سرد جنگ جاری ہے۔ بہت سے محرکات لیکن بلخصوص ٹیکنالوجی، مضبوط قوت ارادی اور واضح مقاصد انسان کو کامیاب منزل تک پہنچا سکتے ہیں۔مگر یہی ٹیکنالوجی اور اس سے جنم شدہ آسائش انسان کے وقت کے ضیا کا سبب بھی بنتا جارہا ہے۔مثال کے طور پر ہر دم ہمارے ساتھ رہنے والا یہ موبائل فون یہ بڑی چپکو چیز ہے. جب ایک بار ہاتھ میں آجائے تو دماغ کا کوئی تگڑا آدمی ہی اس سے جان چھڑا سکتا ہے اور نتیجہ کے طور پر وقت کا ضیا اور دماغی الجھن ایک کمزور ارادہ شخص کا نصیب بن جاتی ہے۔ان عوامل کی وجہ سے یہ شخص بظاہر پڑھا لکھا، قابل اور با صلاحیت ہونے کے باوجود بھی ان صلاحیتوں کو بروے کار نہیں لا پاتا کیوں کہ الجھن کا شکار اور وقت کے زیاں کا عادی ہو چکا ہوتا ہے۔ بہت سے لوگوں نے اپنے دماغ میں بہت خوب مقاصد رکھے ہوتے ہیں مگر انہیں کبھی حاصل نہیں کر پاتے۔زیادہ تر اس وجہ سے کہ ان کا مقصد واضح نہیں ہوتا اور وہ اُلجھن کا شکار رہتے ہیں۔اسی الجھن میں وہ اپنا قیمتی وقت ضائع کر دیتے ہیں۔مگر اپنی منزل مقصود سے دور رہتے ہیں۔کسی بھی منزل کو حاصل کرنے کے لیے اسکا مقصد واضح ہونا بیحد ضروری ہے۔ ایک بار اگر آپ نے اپنا مقصد واضح طور پر متین کرلیا تو آپ تبھی اسے حاصل کر پائیں گے جب تک اس سے بھٹکیں گے نہیں کیوں کے مستقل مزاجی بھی ایک اہم عمل ہے.

برائن ٹرا سے اس زمر میں کچھ لائحہ عمل بتاتے ہیں جو کہ ہمارے لیے اپنا مقصد واضح رکھنے اور اس پر عمل کر کے اپنی منزل حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ان کے مطابق کسی بھی مقصد کو کامیابی سے پا لینے کے لیے اس مقصد کا تحریری شکل میں ہونا بہت ضروری ہے۔آپ جب بھی سوچیں اپنے خیالات کو تحریری شکل میں کاغذ پر درج کرتے چلے جائیں۔تحریری شکل کے بغیر آپ کا مقصد محض ایک افسانہ ہے جس کو آپ سوچتے تو رہیں گے مگر اسکو حاصل نہیں کر پائیں گے۔اپنے کتابچے میں انہوں نے سات اسے نکات بتائے ہیں جو کسی بھی نئے خیال کو اپنا مقصد بنانے اور اسکی منزل تک پہنچنے کے لیے مددگار ثابت ہوے ہیں۔

**ان کے سات اصول یہ ہیں:**

سب سے پہلے یہ طے کرلیں کہ آپ نے کرنا کیا ہے؟ کیا یہ واقعی کوئی ایسا کام ہے جسکو مکمل کر کے آپ واقعی کچھ بہتر حاصل کر پائیں گے؟ ایسا کام جو آپ کر تو رہے ہیں مگر آپ کو اسکا فائدہ کم ہے اور یہ اپکا وقت ضائع کرے گا۔اس لیے یہ پتا ہونا لازمی ہے کہ اس کام کا فائدہ کتنا ہے یا ہے بھی سہی یا نہیں؟

اپنے مقصد کو تحریری شکل دیں۔اسکو لکھ لیں پھر یہ ایسی شکل

سن کرخوش ہوتی تھیں۔آہستہ آہستہ ان کاتمھیں کونسا کم اور آہیں زیادہ ہوگئی تھیں۔وہ اپنی ضد اور انا کی وجہ سے تمھیں کبھی اپنے پاس بلانہیں سکیں مگرآخری دنوں میں تمہارااور اپنے نواسے نواسی کا نام لیتے لیتے دنیا سے چلی گئیں،رخشی"۔

رخشندہ کے اندر موجود غم کا دریا بہہ نکلا۔دونوں بہن بھائی ایک دوسرے کے گلے لگ کر بری طرح رو رہے تھے۔

کمرے کی کھڑکی سے انہیں چھپ کر دیکھتا ہوا ان کا بوڑھا باپ اپنی اولاد کو ماں باپ کے ہاتھوں سہی گئی اذیت سے بالآخر نجات پاتے اور ماں باپ کو اور خود کو معاف کرتے دیکھ کر خود بھی رو پڑا۔انسانوں کو خود کو اور خدا کی مخلوق کو سمجھنے کے لیے ایک زندگی کم ہے۔یہ دل کے فیصلے ہوتے ہیں جو انا پر رشتوں کو قربان کراتے ہیں یا رشتوں کی پاسداری میں انا قربان کرتے ہیں۔

بوڑھا باپ اپنے بیٹے کی طرح ایک مضبوط انسان بننے کا سوچ چکا تھا۔بہت ہمت کر کے وہ آہستہ آہستہ اندھیرے کمرے سے نکل کر باہر روشنی میں موجود اپنے بچوں کو سہارا دینے کے لیے آگے بڑھنے لگا۔

## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی سے ایک واقعہ

واقعہ: حضرت بلال (رضی اللہ عنہ) کی آزادی اور سخت زیست کار

حضرت بلال (رضی اللہ عنہ) اپنی مذہبی حیثیت پر مسلمان ہونے کے باوجود، قریش کی طرف سے بھاری تشدد اور ظلم کا نشانہ بن گئے۔

ایک دن، حضرت ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے حضرت بلال (رضی اللہ عنہ) کو دیکھا، جو قریش کی طرف سے متعذب ہو رہے تھے۔حضرت ابو بکر (رضی اللہ عنہ) نے قریش کے سرداروں سے بلال (رضی اللہ عنہ) کو خریدنے کا مطالبہ کیا، تاکہ انہیں اپنی حکومت میں آزاد کریں۔قریشی سرداروں نے ابو بکر (رضی اللہ عنہ) کو مختصر ہزار دینار میں بلال (رضی اللہ عنہ) کو خریدنے کی اجازت دی۔

حضرت ابوبکر (رضی اللہ عنہ) نے خوشی سے مبارکباد دی اور بلال (رضی اللہ عنہ) کو آزاد کیا۔انہوں نے اپنی آزادی کے بعد بھی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اپنا سب سے بہترین دین دیا اور اذان دینے والے مؤذن بن گئے۔

**سبق :**

اعتدال اور انصاف: حضرت ابو بکر (رضی اللہ عنہ) نے بلال (رضی اللہ عنہ) کو آزاد کر کے انصاف اور اعتدال کا مظاہرہ کیا۔

کرم وشفقت: انہوں نے اپنی خوشی میں بلال (رضی اللہ عنہ) کو آزاد کیا اور اچھے اعمال کو پیچھے چھوڑا۔

فردیت اور ہمدردی: حضرت ابو بکر (رضی اللہ عنہ) نے اپنے ذاتی مال کا استعمال کر کے بلال (رضی اللہ عنہ) کی آزادی ممکن بنائی، جو ایک نہایت معمولی مسلمان کے لئے ایک بڑی عظیم راحت ثابت ہوئی۔

یہ حادثہ اختلافات، نفاست اور زبانیں پر مبنی بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے اور ہمیں سکھاتا ہے کہ ہمیشہ دوسروں کے حقوق کا احترام کریں اور ان کی مدد کرنے کا طریقہ یہ ہے۔

سمجھایا مگر جب وہ نہ مانی تو اس نے جا کر پھوپھو اور فردوس سے مصالحت کی کوشش کی اور انھیں سادگی سے نکاح کر کے رخشی کو رخصت کر کے لے جانے پر آمادہ کر لیا۔

فردوس نے گاڑی رخشی کے ماں باپ اور اپنے ماموں کے گھر کی گلی کے سامنے روک دی۔ پوری گلی میں تعزیت کے لیے آنے والوں کے لیے کرسیاں لگی تھیں۔ رخشندہ اپنے شوہر، ساس اور دو بچوں کے ساتھ پانچ سال بعد انہی رستوں سے دوبارہ گزر رہی تھی جہاں کا ہر کونا اسے بچپن اور لڑکپن کی یاد دلاتا تھا۔ وہ اس گھر میں پھر داخل ہوئی جس کے ہر گوشے سے اس کی تکلیف دہ یادیں جڑی تھیں۔ وہ گزشتہ پانچ سال اپنی زندگی میں مگن اور آباد رہی تھی مگر کبھی بھی پوری طرح خوش نہیں ہو سکی تھی۔ آج زمانے بعد کسی برف کی سل کی طرح وہ اپنے شفیق مگر بزدل باپ کے سینے سے لگی اور کفن میں لپٹی ہوئی ماں کا آخری دیدار کیا۔

اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ دھاڑیں مار مار کر روئے مگر آنسو باہر نہیں، اندر دل پر گر رہے تھے۔ وہ سرد مہری سے لوگوں کی باتوں اور نظروں کی چبھن برداشت کرتی رہی۔

رات گئے بچوں کو سلا کر وہ کمرے سے باہر آئی تو فردوس اس کے پاس آ گیا، "تم بھی سو جا"۔

"نیند نہیں آ رہی۔"

تم امی کو معاف کر دو، رخشی"۔"

کاش امی ایک بار، صرف ایک بار مجھے سینے سے لگا لیتیں تو میری ساری تکلیف ختم ہو جاتی۔ ناراض کب ہوں ان سے۔ میں تو آج تک بس ان کے پیار کے لیے ترستی رہی ہوں۔

کسی کے گلا کھنکارنے کی آواز آئی۔ دونوں میاں بیوی نے مڑ کر دیکھا تو امجد بھائی پیچھے کھڑے تھے۔ اتنے سالوں بعد دونوں بہن بھائی آمنے سامنے موجود تھے۔ کئی سال پہلے ماں نے بیٹے کو نافرمانی پر سخت برا بھلا کہا تھا اور اسے اپنی قسم دے کر آئندہ بہن سے کوئی تعلق رکھنے سے منع کر دیا تھا۔

امجد بھائی نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا مگر آنسوؤں کا گولہ حلق میں پھنس گیا۔ وہ بہن کی تکلیف سے بھی واقف تھا، باپ کی کم ہمتی بھی اس کے علم میں تھی اور ماں کی سنگ دلی کا بھی گواہ تھا۔ وہ رشتوں کو نبھاتے نبھاتے تھک گیا تھا۔ اس نے ماں کی پسند سے شادی کی تھی اور صاحبِ اولاد بھی تھا۔ اولاد کے دکھ اور خوشی دونوں کو پہچانتا تھا، محسوس کرتا تھا اور بیوی بچوں کا خیال رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ ماں دل کی بری نہیں، بس حد سے زیادہ زبان کی تیز، ضدی اور انا پرست تھی۔ وہ بہن کی باتیں سن چکا تھا۔ جانتا تھا وہ اذیت میں رہی ہے مگر اس کی آنکھوں سے ایک آنسو بھی نہیں گرا یعنی وہ ماں ہی کی طرح کٹھور دلی اور ضد دکھا رہی تھی۔ اسے خیال آیا کہ شاید ماں کی سخت مزاجی کے پیچھے بھی کوئی وجہ رہی ہو مگر اب ماں نہ رہی تھی تو وجہ کون بتاتا؟ امجد اپنی بہن اور بہن کی اولاد پر کسی دکھ کا سایہ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ کسی واہمے نے سے ڈرا دیا۔ اس نے رخشی کو دیکھ کر رندھے ہوئے لہجے میں کہا، "امی جب مجھ سے باتیں کرتی تھیں تو شروع کے کئی سال تمھیں برا بھلا کہتی رہیں۔ جب تمھارے ہاں حمزہ پیدا ہوا تو اندر سے خوش ہوئیں مگر خفا رہیں کہ تم ان کے پاس نہیں آء۔ تمہیں اکثر برے لفظوں کے ساتھ یاد کرتی تھیں مگر حمزہ اور نور العین کی باتیں اوروں سے سن

# آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک

## از: سارہ نور

### افسانہ نگار، ڈرامہ رائٹر، لیکچرار

گاڑی ادھر سے ادھر اوورٹیک کرتے ہوئے تیزی سے آگے بڑھ رہی تھی۔ رخشندہ نے آنکھیں بند کر کے کچھ دیر سونے کی کوشش کی مگر وہ اپنی کوشش میں ناکام رہی۔ وہ تھوڑی دیر کے لیے اپنے دل اور دماغ پر چھائی اور روح کی گہرائی تک اتری اداسی سے چھٹکارا پانا چاہتی تھی۔ یہ گھر والے بھی کتنے عجیب ہوتے ہیں، اس نے سوچا۔ ہم چاہ کر بھی اپنے سب سے قریبی رشتوں سے تکلیف ملنے پر انہیں ہمیشہ کے لیے چھوڑ نہیں سکتے۔ آج وہ اپنی ماں کے جنازے پر اس گھر میں واپس جا رہی تھی جہاں سے نکلنے پر اس نے خود سے وعدہ کیا تھا کہ وہ کبھی دوبارہ یہاں نہیں آئے گی۔ اپنی ماں کے کہے گئے تلخ الفاظ آج بھی اس کے کانوں میں گونجتے تھے مگر اس سے زیادہ شور باپ کی خاموشی کا تھا۔

سگی ماں سے اس کی کبھی نہیں بنی تھی اور باپ کی ہمیشہ وہ لاڈلی رہی تھی۔ مگر جس سے بنتی نہیں تھی اس کے پیار کے لیے ہمیشہ ترستی رہی اور جو پیار کرنے والا باپ تھا اس کی لاپروائی اور اولاد کے معاملات سے بے خبری اور لاعلمی پر ہمیشہ کڑھتی رہی۔ اٹھارہ سال کی عمر میں اس کے ماں باپ نے پھوپھی کے بیٹے فردوس سے اس کی منگنی کر دی تو اس کی توجہ اور چاہت کا مرکز اس کا منگیتر بن گیا۔ فردوس اور پھوپھو نے دو سالہ منگنی میں ہمیشہ ہر موقع پر رخشندہ کا خیال رکھا اور اسے اہمیت دی۔ جب شادی میں تین ماہ رہ گئے تو رخشی کے اکلوتے بھائی امجد نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ پھوپھو کی بیٹی یعنی فردوس کی بہن طیبہ سے شادی کرنا چاہتا ہے۔ امی ابو نے رشتے کی بات کی مگر پھوپھو ایک تو وٹے سٹے کے خلاف تھیں دوسرا وہ بیٹی کی شادی اپنے سسرال میں کہیں کرنا چاہتی تھیں۔ رخشی کی ماں نے دباؤ ڈالنے کے لیے بیٹی کی منگنی توڑنے کی دھمکی دے دی۔ پھوپھو اور فردوس نے تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے رخشی کی ماں اور باپ دونوں کو سمجھایا۔ امی ضد پر اڑ گئیں اور ابو کمزور قوت فیصلہ کے مالک نکلے اور خاموش رہے۔ ایسے میں رخشی نے ماں باپ کو صاف کہہ دیا کہ وہ اس کے ساتھ ظلم کر رہے ہیں۔ وہ ذہنی اور جذباتی طور پر کسی اور سے وابستگی کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتی۔ اس پر اس کی ماں نے اسے نہایت بہت برا بھلا کہا اور اگلے ہی روز جا کر اس کی ماں منگنی کی انگوٹھی واپس کر آئی تھی۔ رخشندہ کے سر پر آسمان ٹوٹ پڑا تھا۔ وہ تین ماہ اس کی زندگی کے بدترین دن تھے۔

ایسے میں اس کا بھائی طیبہ سے شادی کی خواہش سے دستبردار ہو چکا تھا۔ اس نے کبھی یہ سوچا تھا نہ خواہش کی تھی کہ اس کی وجہ سے اس کی بہن کے ساتھ ناانصافی ہو یا خاندان میں پھوٹ پڑے۔ اس نے ماں کو بھی ضد سے پیچھے ہٹنے کے لیے بہت

# INDUS
## HOME APPLIANCES




**INDUS WASHING MACHINE I.E. INDUSTRY**

57/A S.I.E #1, GUJRANWALA - PAKISTAN.
Tel: +92-55-3258756, 3850036, Fax: +92-55-3859915
www. superindus.com info@superindus.com

ISO 9001 : 2008

# THE VOICE YOUTH TRUSTS




LOG ON TO
**aemagazine.pk**

READ YOUR FAVORITE ARTICLES
DOWNLOAD YOUR FAVORITE EDITION
SUBSCRIBE AZEEM ENGLISH MAGAZINE
SEND YOUR FEEDBACK
SUBMIT YOUR ARTICLE

AZEEM ENGLISH MAGAZINE MONTHLY